143 ج ن

جس کتاب پر مالک ایجنسی کی دستخطی مہر نہ ہوگی وہ مال مسروقہ متصور ہوگا

جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری وغیرہ بحق سید محمد شفیع اینڈ سنز وہرم ساوی مالکان
ایجپشن ایجنسی لاہور محفوظ ہیں

1996

عربی بول چال

حصہ دوم

یعنی

جو عربی زبان سیکھنے عربی اخبارات پڑھنے اور عربی میں خط وکتابت کرنے
کے واسطے فائدہ مند ہے۔ مع مفصل فرہنگ ایک ہزار الفاظ جدیدہ کہ جو
آج کل مصر وشام میں مستعمل ہیں

مؤلفہ

حافظ عبد الرحمن صاحب امرتسری

مولف کتاب الصرف، کتاب النحو، عربی بول چال حصہ اول ودوم
الصدیق المرتضے، سفر نامہ بلاد اسلامیہ وسیاحت ہند

ملنے کا پتہ

سول ایجنٹ

ملک دین محمد اینڈ سنز وناشران تاجران کتب۔ بل روڈ۔
کشمیری بازار و انارکلی چوک لاہور (پاکستان)

بار ہشتدہم ۱۹۵۴ء قیمت ایک روپیہ ڈیڑھ آنہ (۱عہ)

60006

فہرست مضامین عربی بول چال حصہ دوم

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	نمبر شمار		صفحہ
۱	دیباچہ	۲	۲۰	السلحفاة والبطنان	۴۲
	باب اول نوادر		۲۱	الحصان والذئب	۴۴
۲	اسباق ۱ تا ۱۰	۴ تا ۱۲	۲۲	الاسد والذبابة	۴۶
	باب ثانی الضروریات الادبیة		۲۳	الحمار عند اصحابه	۵۰
۳	اضداد صفات	۱۳		باب خامس تحویل الکلام	
۴	اضداد افعال	۱۴	۲۴	مثال الحذر	
۵	تصحیح الصفات	۱۵	۲۵	وصیة الملك لوزرائه	۵۲
۶	تصحیح المصادر	۱۶	۲۶	الملك وابنه	۵۳
۷	لزوم وتعدیہ	۱۷	۲۷	کرم الفضل	۵۴
۸	ابدال الماضی والمضارع	۱۸	۲۸	یوسف ۲	۵۵
۹	مطابقة التانیث	۱۹	۲۹	الفرس وابن آدم	۵۶
۱۰	تصحیح الجمل	۲۰	۳۰	السمکة والسرطان	۵۷
۱۱	ترکیب الاسم بالاسم المناسب	۲۱	۳۱	وصف اللبوة	۵۸
۱۲	ترکیب الاسم بالفعل المناسب	۲۱	۳۲	الوالدة وابنتها	۵۹
	باب ثالث انشاء الجمل	۲۲		باب سادس الجمل المنتخبة	
۱۳	اسئلہ متنوعہ	۲۲ و ۲۳		من جریدة المؤید	
۱۴	اسباق ۲۳ تا ۳۰	۲۵ تا ۳۱	۳۳	اسباق ۵۱ تا ۶۰	۶۰ تا ۶۹
	باب رابع شرح حکایات بالسؤال والجواب			باب سابع الجمل المنتخبة	
۱۵	مترادفات	۳۲ و ۳۳		من جریدة ثمرات الفنون	
۱۶	القرد والنجار	۳۴	۳۴	اسباق ۶۱ تا ۷۰	۷۰ تا ۷۷
۱۷	الرجل واللص	۳۶		باب ثامن مکاتیب	
۱۸	الرجل والکنز	۳۸	۳۵	المکاتیب المختلفة	۸۰ تا ۹۱
۱۹	الذئب	۴۰	۳۶	فرہنگ الفاظ جدیدہ	۹۴ تا ۱۱۹

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ طبع اول منجانب مصنف مرحوم

بلاد اسلامیہ کے بعد عربی بول چال کا جو سلسلہ میں نے لکھنا شروع کیا تھا۔ یہ اس کا دوسرا حصہ ہے اس میں وہ امور خصوصیت سے لکھے گئے ہیں جن میں سے عربی زبان دانی کا مذاق پیدا کرنے۔ عربی عبارات کے سمجھنے میں اور عربی خط نویسی کا سلیقہ حاصل کرنے میں مدد ملے خاتمے پر گیارہ سو الفاظ جدیدہ کی ایک فرہنگ شامل کی گئی ہے جو مصر و شام و عراق کے عربی اخبارات کے سمجھنے میں بالخصوص رہنمائی کا کام دے گی

خدا کے فضل سے یہ دونو حصے اس قدر مقبول عام ہوئے کہ اس عرصہ میں پہلے حصہ کے پچیسواں اڈیشن اور دوسرے حصے کا اٹھارواں اڈیشن چھپا اور شائقین کی کی قدردانی سے ان کی ہزاروں جلدیں فروخت ہوئیں۔ امید ہے کہ یہ اڈیشن پہلے اڈیشنوں سے زیادہ مفید ہوگا۔

حافظ عبدالرحمٰن امرتسری

یکم اکتوبر ۱۹۱۰ء۔ انار کلی لاہور

دیباچہ طبع پانزدہم

عربی بول چال کا پہلا حصہ ۱۹۰۲ء میں شائع ہوا تھا ۱۹۰۳ء میں اس کا دوسرا حصہ چھپا تھا۔ بلاد اسلامیہ کے دوسرے سفر کے بعد ان دونوں میں ضروری تغیر و تبدل اور اضافہ عمل میں آیا پہلے حصے کے ساتھ عربی کی ایک فرہنگ معہ ترجمہ اردو انگریزی شامل کی گئی ہے جو انگریزی خواں طالب علموں کے واسطے خاص کر مفید ہے۔ دوسرے میں مصر و شام کے عربی اخباروں کا انتخاب وہاں کے علماء اور تاجروں کے خطوط۔ گیارہ سو جدید الفاظ کی ایک مفصل فرہنگ جو بالخصوص اخبار پڑھنے والوں کے واسطے مفید ہے درج کی گئی ہے۔

خدا تعالےٰ کا شکر ہے کہ ان ہر دو حصوں کو اس قدر فروغ اور حسن قبول حاصل ہوا کہ اس عرصہ میں ان کی ہزارہا جلدیں ہاتھوں ہاتھ بک چکی ہیں اور اب یہ ستروال (۱۷) اڈیشن شائع ہوتا ہے۔ امید ہے کہ عربی طلباء کو اس کا مطالعہ بہت مفید ہوگا۔

سید محمد شفیع اینڈ سنز

پروپرائیٹر ایجوکیشن ایجنسی لاہور

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الباب الاول في النوادر

الدرس الاول (۱)

قيل لرجل قد كثر الذباب. قال والله يموت ولا يدفنونه ؛
قيل لبهلول عدّ لنا المجانين فقال هذا يطول ولكني اعد العقلاء ؛
تبخر رجل يوماً فاحترقت ثيابه فقال والله لا اتبخر ابداً الا عرياناً ؛
ركب يوماً حماراً وعقد ذنبه. فقالوا لم فعلت ذلك قال لانه يقدم السرج ؛
عاد رجل مريضاً فقال لاهله اجركم الله فقالوا انه لم يمت بعد فقال يموت ان شاء الله ؛

ترجمہ باب پہلا نوادر میں سبق نمبر (۱)

ایک شخص سے کہا گیا کہ مکھیاں زیادہ ہوگئی ہیں۔ کہا۔ ہاں بخدا مرتی ہیں اور کوئی دفن نہیں کرتا۔
بہلول سے کہا گیا دیوانوں کا شمار کر دو اس نے کہا یہ تو مشکل ہے لیکن عقلمندوں کا شمار کر دیتا ہوں ؛
ایک نے ایک دن دھونی لی اور اس کے کپڑے جل گئے کہا واللہ اب دھونی نہ لونگا مگر برہنہ ہو کر ؛
وہ ایک دن گدھے پر سوار ہوا اور اس کی دُم میں گرہ دیدی کہا یہ کیوں؟ کہا کہ وہ اس سے زین آگے سرکا دیتا ہے ؛
ایک شخص نے ایک بیمار کی عیادت کی اور اس کے گھر والوں سے کہا خدا تمہیں اس کا اجر دے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ابھی مرا نہیں اس نے کہا انشاء اللہ ضرور مر جائے گا۔

الدرس الثاني (۲)

قيل لرجل قد زاد سعر الدقيق قال انا لا ابالي به لاني اشتري الخبز ؛
اتاه غلامه بفرخ فقال انظر ما اشبهه بامه قال امه كانت اكبر منه ؛
اختصم اليه رجلان في ديك ذبحه احدهما فقال ترافعا الى الامير فاني لا احكم في الدم ؛
نظر انسان الى بهلول ياكل تمراً ويبلع نواه فقال له لم لا ترمي نواه فقال هكذا وزن علي ؛
حمل جرة خضراء الى السوق ليبيعها فقالوا هي مثقوبة فقال ليست تسيل فانه كان فيها قطن لوالدتي فما سال منه شيء ؛

ترجمہ سبق نمبر (۲)

ایک شخص نے کہا آٹا مہنگا ہوگیا ہے۔ کہا مجھے اس کی پرواہ نہیں میں تو روٹی خریدتا ہوں ؛
اس کا غلام چوزہ لایا۔ کہا دیکھو اپنی ماں سے کیسا مشابہ ہے؟ کہا اس کی ماں زیادہ تھی ؛
دو شخصوں نے ایک مرغ کا جھگڑا اس کے پیش کیا جسے ان میں سے ایک نے ذبح کیا تھا کہا کہ مقدمہ حاکم کے پاس لیجاؤ۔ کیونکہ میں خون کے معاملہ میں حکم نہیں دیتا ہوں ؛
ایک شخص نے بہلول کو دیکھا کہ کھجوریں کھا رہا ہے اور ان کی گٹھلیاں نگل رہا ہے اس نے کہا کہ تم گٹھلی کیوں نہیں پھینکتے؟ تو کہا کہ مجھ کو ایسی ہی تل کر ملی ہیں۔
ایک شخص گھڑا بازار کو فروخت کیواسطے لے گیا۔ لوگوں نے کہا کہ اس میں چھید ہوا ہے کہا کہ بہتا نہیں۔ کیونکہ میری والدہ کی روئی اس میں رکھی ہوئی تھی اور اس میں سے کچھ بھی نہیں بہا ؛

Marfat.com

الدرس الثالث (۳)

قيل لقيس بن عاصم بِمَ سُدْتَ قومك. قال ببذل القِرى وترك المراء ونُصرة المولى ۔

نظر الأحمق في المرآة فقال اللهم سوّد وجوهنا يوم تسودّ الوجوه وبيّض وجوهنا يوم تبيضّ الوجوه ۔

ماتت بنت رجل فذهب يشتري لها كفنا. فلما بلغ البزازين رجع مسرعا وقال لا تحملوها حتى أجيء ۔

شيّع يوما جنازة فلما عاد منها شكره أهله. فقال ليت لكم كل يوم مثل هذا حتى كنا نمشي على أيدينا فضلا عن رؤوسنا ۔

صلّى رجلٌ بقوم يوما وفي كمه جرو كلب. فلما ركع سقط الجرو وصاح فتضاحك الناس. فالتفت إليهم وقال إنه سلوقي[1] عافاكم الله ۔

ترجمہ سبق نمبر (۳)

قیس بن عاصم سے پوچھا گیا کہ تم قوم کے سردار کس طرح بن گئے کہا مہمان نوازی اور ترک کشمکش اور خدا کی مدد سے ۔

ایک احمق نے آئینہ دیکھا اور کہا۔ اے خدا جس دن منہ کالے ہوں ہمارا بھی منہ کالا کر اور جس دن منہ سفید ہوں۔ ہمارا بھی منہ سفید کر۔

ایک شخص کی بیٹی مرگئی اور وہ اس کے لئے کفن خریدنے گیا جب بزازوں کے پاس پہنچا تو فوراً واپس چلا آیا اور کہا کہ میرے آنے تک اس کو مت اٹھانا۔

ایک دن جنازے کے ساتھ گیا جب واپس آیا تو گھر والوں نے اس کا شکریہ ادا کیا۔ اس نے کہا۔ کاش تمہارے واسطے ہر روز ایسا ہی ہوتا کہ ہم اپنے ہاتھوں کے بل چلتے۔ قطع نظر سروں کے بل چلنے کے۔

ایک شخص نے ایک دن لوگوں کو نماز پڑھائی اور اس کی آستین میں پلا تھا جب رکوع گیا تو پلا گر گیا اور چیخنے لگا۔ اور لوگوں نے کھلکھلانا شروع کیا اُن کی طرف دیکھ کر کہا کہ خدا تمہیں سلامت رکھے۔ یہ سلوقی ہے۔

[1] سلوق یمن میں ایک گاؤں ہے جہاں کے کتے مشہور ہیں۔

Marfat.com

الدرس الرابع (۴)

سَلَّمَتْهُ اُمُّهُ لِبَزَّازٍ فقالت بعد حولين ما ذا تعلّمتَ قال تعلّمتُ نصف العمل۔ قالت وما هو۔ قال تعلّمتُ النشرَ وبَقِيَ الطَّيُّ۔

نظر يومًا في المرآة فقال لإنسان عنده ترى لحيتي طالت فقال له الرجل المرآة في يدك فقال صدقت ولكن الحاضر يرى ما لا يراه الغائب۔

حُكِيَ ان بهلولًا كان يأكل دجاجة فقال له رجلٌ أَطْعِمْنِي مما تأكل فقال هذا ليس لي وحياتك هذه دفعتها الي امرأةٌ اكلها لها۔

خرج من اعرابي ريحٌ فقام يصلّي فقيل له لِمَ لا تتوضأ وقد خرج منك ريحٌ۔ فقال لو لزمتُ لكل ريح وضوءٌ لصرتُ حوتًا او ضفدعًا۔

ترجمہ سبق نمبر ۴

اس کی ماں نے ایک بزاز کے پاس اس کو سپرد کیا اور دو برس کے بعد پوچھا کہ تم نے کیا سیکھا ہے۔ کہا آدھا کام سیکھ لیا ہے۔ کہا وہ کیا ہے۔ جواب دیا کہ پھیلانا سیکھ لیا ہے اور تہہ کرنا باقی ہے۔

ایک دن اس نے آئینہ دیکھا۔ ایک شخص سے جو اس کے پاس تھا کہا دیکھو تو میری ڈاڑھی بڑھ گئی ہے۔ اس شخص نے کہا کہ آئینہ تمہارے ہاتھ میں ہے اس نے کہا تم سچ کہتے ہو مگر جو کچھ موجود دیکھ سکتا ہے غائب نہیں دیکھ سکتا۔

کہتے ہیں کہ بہلول مرغی کھا رہا تھا۔ ایک شخص نے اس سے کہا کہ جو کچھ تم کھاتے ہو مجھے بھی کھلاؤ۔ کہا تمہاری زندگی کی قسم یہ میری نہیں۔ مجھے ایک عورت نے دی ہے کہ میں اس کو اس کے لئے کھاؤں

ایک بادیہ نشین کا گوز نکل گیا کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگا۔ لوگوں نے کہا کہ تم وضو کیوں نہیں کرتے اور حالانکہ تمہارا گوز نکل چکا ہے۔ جواب دیا کہ اگر ہر گوز پیچھے نیا وضو کرنے لگوں تو مچھلی یا مینڈک بن جاؤں۔

Marfat.com

الدرس الخامس (۵)

غسل رجلٌ یوماً قمیصہ ونشرہ علی حبل فھبّت الریحُ والقتہ علی الارضِ فلما رای ذالك خرّ راکعاً وقال احمدك اللّٰھم لانہ لو کان وقع وانا متردٍ بہ لتحطّمتُ[۱]۔

لبس یوماً فروۃً مقلوباً شعرُھا الی خارج۔ فقیل لہ فی ذالك فقال ما انتم باعلم من صاحبھا الثعلب ولو ان ھذا اصلح مالبسھا وشعرھا من خارج۔

قیل لرجل من الحاکۃ ھل فی بلدکم حائك؟ قال لا۔ قیل فمن ینسج ثیابکم؟ قال کلٌّ منا ینسج ثوبہ لنفسہ۔ قال فاذا کلّکم حاکۃٌ۔

دعا الرشید بھلولاً لیضحك منہ۔ فلما دخل دعا لہ بمائدۃ فقدم علیھا خبزاً وحدہٗ۔ فولّی بھلول ھارباً فقیل لہ الی این۔ فقال اجیئکم یوم الاضحٰی فعسٰی ان یکون عندکم لحم۔

ترجمہ سبق نمبر (۵)

ایک شخص نے ایک روز اپنی قمیص دھوئی اور اس کو رسی پر پھیلایا ہوا چلی اور اس کو زمین پر پھینک دیا جب یہ حال دیکھا تو سجدہ میں گرا اور کہنے لگا۔ خدا کا شکر ہے اگر میں اُسے پہنے ہوئے ہوتا اور یہ گر پڑتی تو میں پاش پاش مر جاتا۔

ایک دن اس نے اپنی پوستین پہنی سر اس کے بال باہر کو تھے۔ لوگوں نے اس پر اعتراض کیا کہنے لگا لومڑی سے زیادہ عالم نہیں ہو اگر یہ طریق اچھا نہ ہوتا تو لومڑی اس کو نہ پہنتی اور اس کے بال باہر ہوتے۔

ایک جلاہے سے کہا گیا تمہارے گاؤں میں کوئی جلاہا ہے کہا کوئی نہیں کہا پھر تمہارے کپڑے کون بنتا ہے۔ کہا ہم میں سے ہر ایک اپنے کپڑے آپ بن لیتا ہے کہا اس صورت میں تم سب جلاہے ہو۔

ہارون الرشید نے بہلول کو بلایا کہ اس سے ہنسی کرے جب وہ آیا تو دسترخوان منگایا اور صرف روٹی اس کے پیش کی بہلول پیچھے پاؤں بھاگا لوگوں نے کہا کدھر جاتے ہو؟ کہا میں تمہارے پاس عید الضحٰے کے دن آؤں گا شاید کہ تمہارے پاس گوشت ہو۔

[۱] تحطّمتُ: ریزہ ریزہ ہو جاتا ۱۲

الدرس السادس (۶)

خرج الاحمق الی ضیعۃ. فقالت لہ الجیران ان اللہ معک فقال الموضع قریب لا احتاج الی خفیر

اخذہ بعض الولاۃ وقد اتھمہ بالشرب فاستنکھہ فلم یجد منہ رائحۃ فقال قیئوہ. فقال من یضمن لی عشائی اصلحک اللہ۔

دفع الی القصار قمیصا فضیعہ ورد علیہ قمیصا صغیرا. فقال لیس ھذا قمیصی قال بل ھو قمیصک ولکن فی کل غسلۃ ینقص ویقصر قال فاحب ان تعلمنی غسلۃ یصیر القمیص رداءً۔

رُوِیَ انّ مجنونا کان یدلی رجلیہ فی قبر ویلعب فی التراب. فقیل ما تصنع ھھنا. فقال اجالس قوما لا یؤذوننی ان حضرت ولا یغتابوننی ان غبت۔

ترجمہ سبق نمبر (۶)

ایک احمق جاگیر کی طرف گیا. پڑوسیوں نے کہا خدا حافظ. کہا جگہ نزدیک ہے نگہبان کی ضرورت نہیں.

ایک حاکم نے اس کو پکڑا اور اس پر شراب خوری کی تہمت لگائی. اس کا منہ سونگھا مگر اس سے شراب کی بو نہ آئی پھر کہا اس کو قے کراؤ وہ بولا خدا آپ کا بھلا کرے میرے رات کے کھائے ہوئے کھانے کا کون ذمہ دار ہوگا۔

دھوبی کو قمیص دی اس نے کھو دی اور چھوٹی قمیص اس کو واپس دی اس نے کہا یہ میری قمیص نہیں اس نے کہا بلکہ وہ تمہاری قمیص ہے لیکن ہر دھلائی میں گھٹتی اور چھوٹی ہوتی ہے کہا میں چاہتا ہوں کہ تم مجھے ایسی دھلائی سکھلاؤ کہ قمیص چادر بن جائے۔

کہتے ہیں کہ ایک دیوانہ قبر میں پاؤں لٹکائے ہوئے مٹی سے کھیل رہا تھا اس سے کہا گیا کہ تم یہاں کیا کرتے ہو؟ کہا میں ایسے لوگوں کا ہمنشین ہوں کہ اگر میں آؤں تو مجھے تکلیف نہیں دیتے اور اگر چلا جاؤں میری برائی نہیں کرتے۔

لہ استنکاہ (منہ کی بو سونگھنا) مشتق از نکہ (سونگھنا)

Marfat.com

الدّرس السّابع (۷)

وقف بُهلولٌ عند شجرةٍ ملساء فقال من يعطني نصف درهم فاصعدُ فوقف الناس واعطوه ذلك. فاخرزه[1] ثم قال هاتوا سُلّمًا فقالوا اكان السُّلّم في الشرط فقال اكان الشرط بلا سلّم.

عاد شيخٌ مريضًا فلمّا خرج قال احسنَ الله اجركم وعزاءكم. فقالوا انّه لم يمت. قال عرفتُ لكنّي شيخٌ كبيرٌ لا استطيع النّهوض واخاف ان يموت فاعجز عن المجيء لعزائكم.

قيل انّ احمقًا كان يرعى غنم اهله فيرعى السِّمان[2] في العشب ويُنحّي المهازيل[3] فقيل ويحك ما تصنع. قال لا أُصلحُ ما افسدَ الله ولا أُفسدُ ما أَصلحَ اللهُ.

ترجمہ سبق نمبر (۷)

بہلول ایک چکنے درخت کے نیچے کھڑا ہوا اور کہنے لگا کون مجھے آدھا درہم دیتا ہے تاکہ میں اس درخت پر چڑھوں۔ لوگ ٹھہر گئے اور اس کو آدھا درہم دے دیا بہلول نے اس کو قابو کیا اور کہا سیڑھی لاؤ۔ لوگوں نے کہا کیا سیڑھی کی شرط تھی۔ اس نے کہا کیا شرط بے سیڑھی کے تھی۔

ایک بڈھے نے کسی بیمار کی عیادت کی اور جب باہر نکلا تو کہنے لگا خدا تمہیں نیک اجر اور صبر دے۔ لوگوں نے کہا کہ وہ ابھی تک نہیں مرا کہا مجھے معلوم ہے لیکن میں بہت بڈھا ہوں اور اٹھ نہیں سکتا اور اس سے ڈرتا ہوں کہ وہ مر جائے اور میں تمہاری تعزیت کو نہ آسکوں۔

کہتے ہیں ایک بیوقوف اپنے کنبہ کی بکریاں چرایا کرتا تھا موٹی بکریوں کو سبز گھاس میں چراتا اور دبلی بکریوں کو الگ کر دیتا۔ لوگوں نے اس سے کہا افسوس تو کیا کرتا ہے اس نے کہا جس کو خدا نے بگاڑا ہے میں اسے درست نہیں کر سکتا اور جس کو خدا نے درست کیا ہے میں اس کو بگاڑ نہیں سکتا۔

---

[1] احرز (محفوظ رکھنا)۔ [2] واحد اس کا سمین ہے [3] مشتق از نحی (دور کردانیدن) [3] واحد اس کا مھزول ہے مشتق از ھزال (لاغری)

الدرس الثامن (۸)

قال أردشيرُ لابنه يا بُنَيَّ! المُلْكُ والدِّينُ أخوان. لا غنى لأحدهما عن الآخرِ. فالدِّينُ أُسٌّ والمُلْكُ حارسٌ. ما لم يكن له أُسٌّ فمهدومٌ وما لم يكن له حارسٌ فضائعٌ.

شكى رجلٌ صاحبه عن وجع الخاصرةِ. قال إنها كانت علّة أبي فمات منها. فعليكَ بالوصيّة يا أخي! فدعا المريضُ ولدَه. وقال أوصيك بهذا ألا تدعه يدخل إليَّ بعد هذا.

وجد رجلٌ ديناراً. فقيل له نادِ عليه لعلّ يظهر صاحبُه. فظنّ إن نادى يظهر له عشرون صاحباً فمضى إلى السوق واشترى به ثوباً ونادى على الثوب. فلم يظهر للثوب صاحب فاستبدّ به.

ترجمہ سبق نمبر (۸)

اردشیر نے اپنے بیٹے سے کہا بیٹا! بادشاہت اور مذہب دو بھائی ہیں ایک کو دوسرے سے استغنا نہیں۔ مذہب بنیاد ہے اور بادشاہت محافظ جس کی بنیاد نہیں وہ گر جاتا ہے اور جس کا محافظ نہیں وہ برباد ہو جاتا ہے۔

ایک شخص نے اپنے دوست سے درد کمر کی شکایت کی۔ اس نے کہا میرے والد کو یہی بیماری تھی۔ وہ اس سے مر گیا۔ بھائی آپ کو وصیت کرنا لازم ہے۔ مریض نے اپنے بیٹے کو بلایا اور کہا میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ اس کو آئندہ یہاں نہ آنے دو۔

ایک شخص کو ایک دینار ملا لوگوں نے کہا کہ اس کی منادی کرا دو۔ شاید اس کے مالک کا پتہ لگ جائے اس نے خیال کیا کہ اگر اس کی منادی کرائی تو بیسیوں مالک نکل آئیں گے۔ بازار گیا اور اس کا کپڑا خرید لایا اور کپڑے پر منادی کی۔ اس کا مالک پیدا نہ ہوا تو خود مالک بن بیٹھا۔

Marfat.com

الدَّرسُ التاسعُ (۹)

اعطی رجلٌ خادمَہ درھمًا لیشتریَ بہ راسًا۔ فمضی واشتری راسًا واکل ما علیہ من اللحم جمیعًا۔ وجاء الی سیدہٖ بجمجمۃٍ فارغۃٍ و قدمھا بین یدیہ۔ فقال لہ سیدہٗ یا خبیث ما ھذا؟ قال راسُ غنمٍ قال این اذناہ۔ قال کان اصمّ۔ قال این عیناہ۔ قال کان اعمی۔ قال فاین لسانُہ۔ قال کان اخرس۔ قال فاین جلدۃُ راسہٖ۔ قال کان اقرع۔

ذھب رجلٌ یومًا بقمحٍ الی الطاحون لیطحنہٗ فراٰہ الطحان یاخذ القمح من قُفَفِ الناس ویجعلہ فی قُفّتہ۔ فقال لہ ویحک ماذا تصنع قال انا احمقُ۔ قال وما بالک لا تاخذ القمح من قُفتک فتجعلہ فی قفف الناس ان کنت احمق۔ قال انا احمق واصیر احمقین فضحک الطحان وترکہ۔

ترجمہ سبق نمبر (۹)

ایک شخص نے اپنے نوکر کو دام دیا کہ سری خرید لائے۔ وہ گیا اور ایک سری خریدی اور جس قدر گوشت اس پر تھا سب کھا گیا اور ایک خالی سری آقا کے پاس لایا اور اس کے سامنے رکھدی۔ آقا نے اُس سے کہا۔ او بدذات! یہ کیا ہے؟ کہا بکری کا سر۔ کہا اس کے کان کہاں ہیں؟ کہا بہری تھی۔ کہا اس کی آنکھیں کہاں ہیں؟ کہا اندھی تھی۔ کہا اس کی زبان کہاں ہے؟ کہا گونگی تھی۔ کہا اس کے سر کا چمڑہ کہاں ہے؟ کہا گنجی تھی۔

ایک شخص گیہوں لے کر خراس میں پسوانے گیا خراسی نے اس کو دیکھا کہ لوگوں کی ٹوکریوں میں سے گیہوں لے کر اپنی ٹوکری میں رکھتا جاتا ہے خراسی نے کہا افسوس تو کیا کر رہا ہے؟ اس نے کہا میں احمق ہوں۔ کہا۔ یہ تمہارا کیا حال ہے؟ اگر تم احمق ہو تو اپنی ٹوکری میں سے گیہوں نکال کر لوگوں کی ٹوکریوں میں کیوں نہیں ڈالتے؟ اس نے کہا۔ اب میں اکیلا احمق ہوں۔ پھر دو چند احمق بن جاؤں گا۔ خراسی ہنس پڑا اور اس کو چھوڑ دیا۔

Marfat.com

الدرس العاشر (۱۰)

ذھبت امرأۃ الی عُرسٍ وقالت لولدہ احفظ الباب فجلس الی الظھیرۃ فلما ابطأت علیہ قام وخلع الباب واخذہ معہ واشتغل باللعب فدخلت اللصوص وسرقوا الدار فلما رجعت امہ رأت الدار بتلک الصفۃ فقالت له یا خبیث! الم اوصیک بالباب فقال یا امی فان الباب محفوظ معی سالم ما اصابہ شئٌ ولو اوصیتنی علی اثاث البیت کلھا لکنت حفظتھا۔

وقف سائلٌ علی باب فقالوا فتح اللہ لک۔ فقال کسرۃ خبز فقالوا ما نقدر علیھا قال فقلیلٌ من بُرّ او دقیق او شعیرٍ قالوا لا نقدر علیہ قال فقطۃ دُھن او قلیلٌ من زیتٍ اولبنٍ۔ قالوا لا نجدہ۔ قال فشربۃ ماءٍ فقالوا لیس عندنا ماءٌ۔ قال فما جلوسکم ھھنا قوموا فاسألوا فانتم احق منی بالسوال۔

ترجمہ سبق نمبر (۱۰)

ایک عورت ایک شادی میں گئی اور اپنے بیٹے سے کہہ گئی کہ دروازے کا دھیان رکھنا۔ وہ دیر تک بیٹھا رہا جب اس کی ماں نے دیر کی تو اٹھا اور کواڑ اکھیڑا اور اس کو اپنے ساتھ لے کر کھیل میں لگ گیا۔ چور آئے اور گھر لوٹ لیا جب اس کی ماں آئی اور گھر کو اس حالت میں دیکھا تو کہنے لگی۔ او بدذات! کیا میں دروازے کی حفاظت کے واسطے نہیں کہہ گئی تھی۔ اس نے کہا او حمق! کواڑ صحیح سالم میرے پاس ہے اس کو کچھ نقصان نہیں پہنچا اگر اثاث البیت کی بابت کہتی تو میں اس کی حفاظت کرتا۔

ایک سائل نے کسی دروازے پر کھڑے ہو کر سوال کیا۔ گھر والوں نے کہا۔ خدا تجھے سانجھا دے۔ اس نے کہا کہ صرف روٹی کا ایک ٹکڑا انہوں نے کہا ہمیں اس کا مقدور نہیں۔ پھر اس نے کہا تھوڑے سے گیہوں یا مٹر یا جو ہی سہی۔ انہوں نے کہا۔ یہ بھی ہمارے مقدور میں نہیں پھر اس نے کہا تھوڑا سا تیل یا روغن زیتون یا دودھ ہی سہی۔ وہ بولے کہ ہمارے پاس یہ بھی نہیں۔ پھر اس نے کہا کہ پانی ہی پلا دو کہنے لگے کہ ہمارے ہاں پانی بھی نہیں تب اس نے کہا کہ پھر تم یہاں کیوں بیٹھے ہو؟ اٹھو اور بھیک مانگو کہ تم میری نسبت بھیک مانگنے کے زیادہ مستحق ہو۔

Marfat.com

الباب الثانی

فی الضروریات الادبیۃ

الدرس الحادی عشر فی الاضداد

حاضرٌ، غائبٌ، جمیعٌ، شتیتٌ، حیٌّ، میّتٌ، کثیرٌ، قلیلٌ،
حلوٌ، مرٌّ، خیرٌ، شرٌّ، کاذبٌ، صادقٌ، رطبٌ، یابسٌ،
سریعٌ، بطیءٌ، علیا، سفلی، مبتدیٌ، مقتدیٌ، کریمٌ، لئیمٌ

مندرجہ ذیل جملوں میں صفات متضادہ کو پہچانو:-

الحاضر یری مالا یراہ الغائب۔	حاضر جو کچھ دیکھتا ہے غیر حاضر اس کو نہیں دیکھتا۔
تحسبہم جمیعًا وقلوبہم شتّٰی۔	تم ان کو مجتمع سمجھتے ہو مگر ان کے دل پریشان ہیں۔
لا حیٌّ فیُرجیٰ ولا میّتٌ فیُنسیٰ۔	نہ زندہ ہے کہ امید کی جائے، نہ مُردہ ہے کہ بھلا دیا جائے۔
کثیر الحطب یکفیہ قلیل من النار۔	بہت لکڑیوں کو تھوڑی آگ کافی ہے۔
الملکُ حلوٌ تقحمہ المرُّ التکالیف۔	سلطنت شیریں مزہ ہے مگر اسکی تکالیف تلخ ہیں۔
من لم یُصلحہ الخیر لم یصلحہ الشر	جسکی اصلاح نیکی سے نہ ہوئی وہ بدی سے درست نہ ہوگا۔
ان کنت کاذبًا فجعلک اللہ صادقًا۔	اگر تو جھوٹا ہے تو خدا تجھے راست باز بنائے۔
لا تکن رطبًا فتعصر ولا یابسًا فتکسر	اس قدر نرم نہ ہو کہ نچوڑا جائے اور نہ اس قدر خشک کہ توڑا جائے
الفرصۃ سریعۃ الفوت بطیئۃ العود۔	فرصت جلد گزرنے والی اور دیر سے آنے والی ہے۔
الید العلیا خیرٌ من الید السفلیٰ۔	اونچا ہاتھ نیچے سے بہتر ہے۔
الفضل للمبتدیٔ وان احسن المقتدی	فضیلت موجد کا حق ہے اگرچہ مقلد اس سے اچھا کر دکھلائے
النساء یغلبن الکرام ویغلبھن اللئام	عورتیں شریفوں پر غالب ہوتی ہیں مگر لئیم ان پر بھی غالب آتے ہیں

Marfat.com

الدرس الثاني عشر (۱۲) في الاضداد

تمّ (نقص)، كثُر (قلّ)، بَعُدَ (قرُب)، أصلحَ (أفسدَ)۔
قصُر (طالَ)، ابتدأ (انتهى)، نفع (ضرّ)، رفع (وضع)۔
أكرم (أهانَ)، بقِيَ (فنيَ)، اشترى (باع)، حضر (غاب)۔

مندرجہ ذیل جملوں میں افعال متضادہ کو پہچانو۔

اذا تمّ العقلُ نقص الكلام۔	جب عقل پوری ہوتی ہے تو گفتگو کم ہو جاتی ہے۔
من كثُر خطاءه قلّ حياءهٗ۔	جب غلطیاں زیادہ ہوتی ہیں اس کی حیا کم ہو جاتی ہے
من بَعُدَ قلبه لم يقرب لسانه	جس کا دل دور ہو اس کی زبان قریب نہیں ہوتی۔
لا يصلح احدٌ ما أفسدَه الله	جس کو خدا نے بگاڑ لیا ہے اسے کوئی درست نہیں کر سکتا۔
ايام القدرة قصيرةٌ وان طالت	اقتدار کے دن چھوٹے ہوتے ہیں اگرچہ لمبے ہوں۔
حينما تنتهي الفضيلة تبتدئ الرذيلة۔	جب شرافت ختم ہو جاتی ہے تو کمینہ پن شروع ہو جاتا ہے۔
من لم ينفعك صداقته لم تضرّك عداوته۔	جس کی محبت نے تجھے فائدہ نہ دیا اس کی دشمنی نقصان نہیں پہنچائے گی۔
من رفعه الله ارتفع ومن وضعه اتضع	جس کو خدا نے اونچا کیا وہ معزز ہوا اور جس کو نیچا کیا وہ ذلیل ہوا
عند الامتحان يُكرَم الرجلُ او يُهانُ۔	آزمائش کے وقت انسان عزت پاتا ہے یا ذلیل ہوتا ہے
الشكرُ افضل من النعم لانه يبقى وتلك تفنى۔	شکرگزاری نعمت سے بڑھ کر ہے کیونکہ یہ قائم رہتی ہے اور وہ مٹ جاتی ہے
من اشترى ما لا يحتاج اليه باع ما يحتاج اليه	جس نے غیر ضروری چیزیں خریدیں وہ ضروری چیزیں بیچے گا۔
هم لا يؤذونني ان حضرت ولا يغتابونني ان غبتُ۔	اگر میں آؤں تو وہ مجھے تکلیف نہیں دیتے اور چلا جاؤں تو میری برائی نہیں کرتے۔

Marfat.com

الدرس الثالث عشر (۱۳) فی تصحیح الصفات

تمرین

مُطرِبٌ (محزنٌ)، فصیح (اعجمیٌّ)، قاطع (واصل)، شجاع (جبان)، منیع (حضیض)، طویل (قصیر)، مُذنِب (بری)، متمدن (متوحش)، قبیح (جمیل)، کبیر (صغیر)، واسع (ضیّق)، مُخلِص (منافق)، عاقل (سفیہ)، افضل (ارذل)۔

جو الفاظ خط واحدانی میں لکھے گئے ہیں ان کو صفت کے صیغے بنا کر استعمال کرو۔

ماکل غناءٍ (طربٌ)	ہر ایک راگ خوش کن نہیں ہوتا۔
ماکل خطیبٍ (فصاحۃ)۔	ہر ایک مقرر خوش بیان نہیں ہوتا۔
ماکل سیفٍ (قطع)۔	ہر ایک تلوار کاٹ کرنے والی نہیں ہوتی۔
لیس کل جندیٍ (شجع)۔	ہر سپاہی بہادر نہیں ہوتا۔
لیس کل حصنٍ (منع)۔	ہر قلعہ مضبوط نہیں ہوتا۔
العلیلُ یری اللیل (طولًا)۔	بیمار کو رات لمبی دکھائی دیتی ہے۔
العدل یقضی علی (الذنب)۔	انصاف مجرم کے خلاف جاری ہوتا ہے۔
علینا ان نقابل کل (تمدن)۔	ہمارا فرض ہے کہ مہذب شخص سے ملاقات کریں
(الکذب) لا یصدق ولو نطق بالصدق	جھوٹے کی تصدیق نہیں کی جاتی اگرچہ اس نے سچ کہا
المثل الردیٔ اضرّ من کلام (قبیح)۔	نکمی ضرب المثل بری بات سے زیادہ مضر ہے۔
هل رأیت حیوانا اکبر من فیل۔	کیا تم نے ہاتھی سے کوئی بڑا جانور دیکھا ہے
الطریق (الواسع) یقود الی الهلاك	کھلا راستہ ہلاکت کی طرف لے جاتا ہے۔
لا یُعرَف الصدیق (المخلص) الا فی زمن المحنۃ	سچا دوست نہیں پہچانا جاتا مگر مصیبت کے وقت
الرجل (العقل) من ینظر الی العواقب	عقلمند وہ شخص ہے کہ انجام کار کو دیکھے۔
فوائد السلم (افضل) من اکالیل النصر۔	صلح کے فائدے فتحمندی کے تاج سے بہتر ہیں

Marfat.com

الدرس الرابع عشر (۱۴) فی تصحیح المصادر

شقاوة (سعادة) شباب (شیخوخة) کبریاء (تضاع) شواهة
(قناعة فی الاکل) مرض (صحة) حیوة (ممات) نظافة
(وساخة) کسل (اجتهاد) رذیلة (فضیلة) بطالة (شغل)
عطش (ری) اطاعة (عصیان) جمال (بشاعة)

جو الفاظ خط وحدانی میں لکھے گئے ہیں۔ ان کو مصدر کی صورت سے استعمال کرو

مودة الشریر (شقی)۔	بدمعاش کی محبت مصیبت ہے
(الشباب) زمن الکد۔	جوانی محنت کا زمانہ ہے۔
الجهل و (المتکبر) شریکان۔	جہالت اور تکبر باہم شریک ہیں۔
(الشره) تضر فی الصحة۔	بسیار خوری صحت کے لئے مضر ہے
الموت یشفی من کل (مریض)	موت تمام بیماریوں سے شفا دیتی ہے۔
کل انسان یحتاج الی الاکل فی (حیه)	ہر شخص اپنی زندگی میں کھانے کا محتاج ہے۔
(النظیف) افضل سجیة فی الاولاد۔	ستھرا پن بچوں کے واسطے بہت اچھی عادت ہے
عاقبة (المتکاسل) والاسراف الدمار۔	سستی اور فضول خرچی کا انجام ہلاکت ہے۔
ان الکذب لاقبح (رذل) فی الرجل۔	جھوٹ انسان کے واسطے بہت کمینہ پن ہے۔
الصدقة اعظم (فضل) عند الله۔	صدقہ خدا کے نزدیک بہت بڑی خوبی ہے۔
من الناس من یرغب فی (العطل)	بعض لوگ بیکاری کی طرف بہت راغب ہیں۔
ان الجمل یصبر علی (العطشان) ایاما۔	اونٹ بلاشبہ کئی دنوں تک پیاس پر صبر کرسکتا ہے
(الشهیة) تزید فی لذة الطعام۔	بھوک سے کھانے کا مزہ اچھا معلوم ہوتا ہے۔
اول واجبات الوطنی (اطاع) اولیاء الامر۔	وطنیت کا پہلا فرض ارکان حکومت کی اطاعت ہے۔
حسن الادب فی المعاشرة مثل (الجمیل) فی الخلقة۔	حسن ادب برتاؤ میں ایسا اچھا ہے جیسے مخلوقات میں خوبصورتی۔

Marfat.com

الدرس الخامس عشر (۱۵) فی اللزوم والتعدیۃ

جو فعل خط وحدانی میں لکھے گئے ہیں۔ ان میں سے لازم کو متعدی اور متعدی کو لازم بناؤ

(وَجَدَ) الله کل شئ من العدم۔	الله تعالیٰ نے تمام چیزیں عدم سے پیدا کیں۔
(اخرجته) من هذا المنزل۔	میں نے اس کو اس گھر سے نکال دیا
(نزل) به ضیف فاکرمه و (اطعمه)	اس کے ہاں ایک مہمان آیا اس نے اسکی عزت کی اور کھانا کھلایا
ان الاسکندر (دانح) البلاد۔	سکندر نے کئی ملک مطیع حکم بنائے
فاض النهر و (غرق) الغلال۔	دریا چڑھا اور غلہ کو ڈبو دیا۔
(یتفضل) الفلاحون ثیرانهم علی المواشی۔	کسان اپنے بیلوں کو تمام چوپایوں پر ترجیح دیتے ہیں۔
(احفظ) علی الصدیق ولو فی الحریق۔	دوست کی حفاظت کر اگرچہ آگ میں ہو
الوفد (سفر) الیوم خوفا عن المطر	ڈیپوٹیشن بارش کے خوف سے آج روانہ ہوگیا ہے
الام (تلعب) طفلها فی المهد۔	ماں اپنے بچہ کو جھولے میں کھلاتی ہے۔
(قابلته و (خبرت) نتیجة الامتحان۔	میں اس سے ملا اور امتحان کا نتیجہ دریافت کیا
لما تولی الحکومة (عمل) اخاه۔	جب وہ والی ہوا تو اپنے بھائی کو عامل مقرر کیا
التلمیذ (یفهم) درسه عن الاستاذ	شاگرد استاد سے اپنا سبق سمجھ رہا ہے
(قبل) الامیر هدیة الرعایا۔	والی نے رعیت کا تحفہ قبول کیا
(علم) الحکمة من الاعمی۔	اندھے سے دانائی سیکھی
ما (زوجت) الی الآن۔	میں نے ابتک نکاح نہیں کیا۔
(نصر) جنودنا فی حرب الترنسوال۔	ہمارے لشکر نے ٹرنسوال کی لڑائی میں فتح پائی۔
(رفعت) الجبال انخفضت الاودیة۔	پہاڑ بلند اور نالے پست ہوئے۔
(اجتمع) المهاجرون والانصار وبایعوا ابا بکر رض۔	مہاجر اور انصار نے فراہم ہوکر ابوبکر رض کی بیعت کی

نوٹ: پہلے چار بابوں کے فعل متعدی اور پچھلے دونوں کے فعل لازم بنائے جائیں گے۔

Marfat.com

الدرس السادس عشر (۱۶) فی ابدال الماضی بالمضارع

جو الفاظ خط وحدانی میں لکھے گئے ہیں ان سے مضارع کے صیغے بنا کر استعمال کرو۔

الھر (صاد) الفارۃ۔	بلی چوہے کا شکار کرتی ہے۔
الجمال (زال) کالخیال۔	خوبصورتی خیال کی مانند زائل ہو جاتی ہے۔
الاسماك (سبحت) فی الماء۔	مچھلیاں پانی میں تیرتی ہیں۔
الشمس (دارت) الارض۔	سورج زمین کو روشن کرتا ہے۔
انی لا (احسنت) العوم فی الماء۔	مجھے پانی میں اچھی طرح تیرنا نہیں آتا۔
احباءنا (اثنوا) علیك۔	ہمارے دوست آپ کی تعریف کرتے ہیں۔
النار (لینت) الحدید۔	آگ لوہے کو گرم کرتی ہے۔
الببغاء یحفظ الالفاظ و (کررھا)	طوطا الفاظ حفظ کرکے اُن کو دہراتا ہے۔
(الثلج غطی) قمم الجبال العالیۃ۔	برف پہاڑوں کی اونچی چوٹیاں ڈھانپ دیتی ہے
الجندی (دافع) عن وطنہ۔	سپاہی اپنے وطن کی حفاظت کرتا ہے۔
لا ینبغی لنا ان (ساوینا) الامیر فی العطاء۔	ہمیں مناسب نہیں بخشش میں حاکم کی برابری کریں۔
اشتھی ان تنتخب لی قصیدۃ (عارضتھا)۔	میں چاہتا ہوں کہ تم میرے لئے ایک قصیدہ منتخب کرو کہ میں اس سے معارضہ کروں۔
الدب (تسلق) الاشجار۔	ریچھ درختوں پر چڑھ جاتا ہے۔
وقف سائل علی امراۃ وھی (تعشت)	ایک سائل ایک عورت کے پاس کھڑا ہوا اور وہ کھانا کھا رہی تھی
کان رجل (تعبد) فی بیت النار۔	ایک شخص آتشکدہ میں عبادت کرتا تھا۔
الشرط (اتبع) الاشقیاء۔	پولیس بدمعاشوں کا پیچھا کرتی ہے۔
لیس فی ھذا فقہ (احتلت) لك۔	یہ فقہ کا مسئلہ نہیں کہ میں تمہیں تجویز بتلاؤں۔
علینا ان (احترمنا) رؤساءنا۔	ہمیں لازم ہے کہ اپنے رؤسا کی عزت کریں۔

تنبیہ۔ الفاظ مندرجہ خط وحدانی اس طرح استعمال ہونگے۔

یصید۔ یزول۔ تسبح۔ تنیر۔ احسن۔ یثنون۔ تلین۔ یکرر۔ یغطی۔ یدافع الخ۔

Marfat.com

الدرس السابع عشر (۱۷) فی مطابقۃ التانیث

الفاظ مندرجہ خط وحدانی کو بصیغہ مونث لکھو۔

ان الحیۃ (اطغی) حواء۔	سانپنے حوا کو بے فرمان کیا۔
(عصف) الریاح ولمعت البروق۔	ہوائیں تند چلیں اور بجلیاں چمکیں۔
الطیور (یقتات) من الحبوب۔	پرندے دانے پر گذارہ کرتے ہیں۔
(زین) للرجل امرأتہ علی الذھاب	عورت نے اپنے خاوند کو چلنے پر آمادہ کیا۔
کانت الفرسان (یغوص) فی الحدید۔	سوار لوہے میں گھس جاتے ہیں۔
یا اختی! متی (تعطی) الملابس القدیمۃ للفقراء؟	بہن! تم فقیروں کو پرانے کپڑے کب دوگی
قال الولد لامہ (انظر) الی ھذہ الشمسیۃ۔	بیٹے نے اپنی ماں سے کہا اس چھتری کو دیکھو
راحۃ الصوم نتیجۃ الادارۃ (الحسن)۔	عام لوگوں کا آرام اچھے انتظام کا نتیجہ ہے۔
الحروب (الاھلی) یبثو فیہا الاثمۃ۔	خانگی لڑائیوں میں بدی پیدا ہوتی ہے۔
لا کل الزھور (طیب) الرائحۃ۔	تمام پھول خوشبودار نہیں ہوتے۔
لیس فی المادۃ الاخواص (مادی)۔	مادہ میں کوئی خاصیت مادیات کے سوا نہیں۔
النسر یبنی وکرہ فی الاماکن (الشاھق)۔	عقاب اپنا گھونسلہ اونچی جگہ بناتا ہے۔
الامیال (المنحرف) فی النفس کالبذر الردی فی الارض۔	ٹیڑھی خواہشیں انسانی طبیعت میں ایسی ہیں جیسے نکما بیج زمین میں۔
یوجد فی عصرنا من ادوات النقل مالم یوجد فی الاعصار (الخالی)۔	ہمارے زمانے میں بوجھ اٹھانے کے ذرائع ایسے پائے جاتے ہیں جو قدیم زمانوں میں نہ تھے۔

(تنبیہ) الفاظ مندرجہ وحدانی اس طرح مستعمل ہونگے:

اطغت۔ عصفت۔ تقتات۔ زینت۔ تغوص۔ تعطین۔ انظری۔

الحسنۃ۔ الاھلیۃ۔ طیبۃ۔ مادیۃ۔ الشاھقۃ۔ المنحرفۃ۔ الخالیۃ۔

Marfat.com

الدرس الثامن عشر (۱۸) فی تصحیح الجمل

جو الفاظ خط وحدانی میں لکھے گئے ہیں ان کو صحیح کرو اور غلطی کی وجہ بیان کرو۔

(هذا) طرابيشهم القديمة۔	یہ اُن کی پرانی ٹوپیاں ہیں۔
بكم (هذان) الساعتان؟	ان دو گھڑیوں کی کیا قیمت ہے۔
قابلته في (اسبوع) الماضي۔	میں نے ان سے گذشتہ ہفتہ میں ملاقات کی تھی۔
كنا آمنين في (بيتي)،	ہم اپنے گھر میں امن سے تھے۔
متى ترجعين الى (مكانكم)؟	تو اپنے گھر کب واپس آئے گی؟
ضرب لكل واحد (منه) اجلاً۔	ان میں سے ہر ایک کے لئے وقت مقرر کیا۔
لانهما اكل من (ثمن) المحرم۔	کیونکہ ان دونوں نے ممنوع پھل کھایا تھا۔
ان عنكبوتين (تعلق) في (تلك) الباب	دو مکڑیاں اس دروازہ میں لٹک گئیں۔
هو وزوجته (ياوى) الى كهف ليلاً۔	وہ اور اس کی بیوی رات کے وقت غار میں پناہ لیتے ہیں۔
أمرتما ان (لاتقطع) اشجار (مثمر)	تم حکم دیئے گئے ہو کہ پھل دار درختوں کو نہ کاٹو۔
(قالت) لهما البواب (انته) عن الباب۔	دربان نے ان سے کہا کہ دروازہ سے رک جاؤ۔
ينام الذئب وفي احدى (مقلتنيه) مفتوحة۔	بھیڑیا سوتا ہے اور اس کا ایک ڈیلا کھلا رہتا ہے۔
النظر والسمع (هم) الحاستان (اللذان) تضعفان في الشيخوخة۔	بینائی اور سماعت وہ حسیں ہیں جو بڑھاپے میں کمزور ہو جاتی ہیں۔
التلامذة (يستفهم) (درسه) عن الاستاذ۔	شاگرد استاد سے اپنے سبق سمجھتے ہیں۔
رضي الله عن نوح (فنجوه) مع (عائلتهم)۔	اللہ تعالےٰ نوح سے راضی ہوا اور کنبہ سمیت نجات دی۔

(تنبیہ) الفاظ مندرجہ خط وحدانی اس طرح مستعمل ہونگے۔

هذه ـ هاتان ـ الاسبوع ـ بيتنا ـ مكانكِ ـ منهما ـ اكلا ـ الثمر ـ
تعلقتا ـ ذالك ـ ياويان ـ لاتقطعوا ـ مثمرة ـ قال ـ انتهيا ـ مقلتيه ـ هما ـ
اللتان ـ يستفهمون ـ دروسهم ـ فنجاه ـ عائلته ـ

Marfat.com

الدرس التاسع عشر (۱۹) فی ترکیب الاسم بالاسم المناسب

اشهب (سفید رنگ) مروق (صاف) منقّح (پاکیزہ) مشحون (بھرا ہوا) ملآن (پر) دهاق (لبریز) الزجاج (شیشہ) سریع العطب (جلدی پھٹنے والا) حاف (پا برہنہ) حاسر (سر برہنہ) بندقیۃ (بندوق) فأس (کلہاڑی) قائد (سپہ سالار) فرخ (پرندے کا بچہ) جرو (درندے کا بچہ) وبر (اونٹ کی پشم) قیاصرۃ (جمع قیصر شاہان روم) اکاسرۃ (جمع کسریٰ شاہان فارس) فراعنۃ (جمع فرعون شاہان مصر)

پہلی سطر کے مناسب اسموں کو دوسری سطر کے مناسب اسموں کے ساتھ ترکیب دو۔

ارض - طریق - بیت۔	(۲) عریض (۱) واسعۃ (۳) فسیح۔
ثوب - فرس - ذهب۔	(۱) ابیض (۳) احمر (۲) اشهب
کلام - ماء - شراب۔	(۳) مروق (۲) مصفّی (۱) منقّح
فلك - کاس - فؤاد۔	(۱) مشحون (۳) ملآن (۲) دهاق
الورد - النخیل - الحصان	(۳) حیوان (۲) شجر (۱) زهر۔
البلبل - التفاح - الحدید۔	(۲) تمر (۱) طیر (۳) معدن۔
السیف - السکر - الزجاج۔	(۱) قاطع (۳) شفاف (۲) سریع العطب
من النعل - من الثیاب - من العمامۃ	(۲) عریان (۳) حاسر (۱) حاف۔
بندقیۃ - سیف - فأس۔	(۳) الحطاب (۱) الجندی (۲) القائد
فرخ - جرو - طفل۔	(۲) السبع (۱) الطیر (۳) المرأۃ
شعر - وبر - صوف۔	(۱) الانسان (۳) الغنم (۲) الجمل
اکاسرۃ - قیاصرۃ - فراعنۃ	(۳) البصر (۲) الروم (۳) العجم

(تنبیہ) پہلی سطر کے اسموں کی ترتیب ۱ و ۲ و ۳ مسلسل ہے۔ ان کو دوسری سطر کے ساتھ بلحاظ مناسبت یوں ترتیب دیں گے۔

ارض واسعۃ (فراخ زمین) طریق عریض (چوڑا راستہ) بیت فسیح (کشادہ مکان)، بندقیۃ الجندی (سپاہی کی بندوق) سیف القائد (سپہ سالار کی تلوار) فأس الحطاب (لکڑہارے کی کلہاڑی)

Marfat.com

الدّرسُ العشرونَ (۲۰) فی ترکیبِ الاسم بالفعلِ المناسِب

الجلوس (آدمی کا بیٹھنا) البروك (اونٹ کا بیٹھنا) الربوض (بکری کا بیٹھنا) الشرب (پینا) الولوغ (کتے کا پانی پینا) الرضاع (بچے کا دودھ پینا) اللعوق (چاٹنا) الجرع (پینا) الاطفاء (چراغ کا بجھانا) الاخماد (آگ کا بجھانا) اللسع (سانپ کا کاٹنا) اللدغ (بچھو کا کاٹنا) النهش (درندے کا پھاڑنا) الوضع (عورت کا جننا) النتاج (اونٹنی کا جننا) الولادة (حیوان کا جننا) الضرب (مارنا) الطعن (نیزے سے زخم لگانا) الوجاء (چھری سے زخم لگانا)

دوسری سطر کے فعلوں کو پہلی سطر کے مناسب اسموں کے ترتیب دو:-

الانسانُ - البعیر - الشاة۔	(۳) ربضت (۱) جلس (۲) برك۔
الانسان - الطفل - الکلب	(۲) رضع (۳) ولغ (۱) شرب
الطعام - العسل - الماء۔	(۱) اکل (۳) جرع (۲) لعق۔
السراج - النار۔	(۱) اطفاء - (۲) اخمد۔
العقرب - الحیة - السبع	(۲) تلسع (۱) تلدغ (۳) تنهش۔
المرأة - الناقة - الاتان۔	(۳) ولدت (۱) وضعت (۲) نتجت
العلة - الغشی - الجرح۔	(۲) افاق من (۳) اندمل (۱) صح من۔
بالرأس - بالید - بالحاجب	(۳) غمز (۲) اشار (۱) اومأ۔
بالسیف - بالرمح - بالسکین	(۱) ضرب (۲) طعن (۳) وجأ۔

تنبیہ: پہلی سطر کے اسموں کی ترتیب ۱ و ۲ و ۳ مسلسل ہے۔ دوسری سطر کے فعلوں کو نمبروں کے لحاظ سے یوں ترتیب دیں گے:-

جلس الانسان (انسان بیٹھا) برك البعیر (اونٹ بیٹھا) ربضت الشاة (بکری بیٹھی) اطفأ السراج (چراغ بجھایا) اخمد النار (آگ بجھائی)

صح من العلة (تندرست ہوا) افاق من الغشی (ہوش میں آیا) اندمل الجرح (زخم بھر آیا) اومأ بالرأس (سر سے اشارہ کیا) اشار بالید (ہاتھ سے اشارہ کیا) غمز بالحاجب (بھووں سے اشارہ کیا)

60006

Marfat.com

الباب الثالث فی انشاء الجمل

الدرس الحادی والعشرون (۲۱) فی اسئلۃ متنوعۃ

ماذا یقال لمن حرم:

	ترجمہ
البصر - اعمٰی	جو بینائی سے محروم اس کو اندھا
الکلام - اخرسُ	جو گویائی سے محروم ہو اس کو گونگا
السمع - اصمُّ	جو شنوائی سے محروم ہو اس کو بہرا
الحریۃ - اسیرُ	جو آزادی سے محروم ہو اس کو مقید
عینا واحدۃً اعورُ	جو ایک آنکھ سے محروم ہو اس کو کانا

ماذا یقال من فقد:

	ترجمہ
العقل - مجنون	جس کی عقل جاتی رہی ہو اس کو دیوانہ
الزوج - ارملُ	جس کا خاوند جاتا رہا ہو اس کو رانڈ
الاب - یتیمٌ	جس کا باپ جاتا رہا ہو اس کو یتیم
الشجاعۃ - جبانٌ	جس کی بہادری جاتی رہی اس کو بزدل
الصحۃ - مریضٌ	جس کی تندرستی جاتی رہی ہو اس کو بیمار

ماذا یقال لصوت:

	ترجمہ
الکلب - نباحٌ	کتے کی آواز کو بھونکنا
الحمار - نہیقٌ	گدھے کی آواز کو رینگنا
الثور - خوارٌ	بیل کی آواز کو ڈکارنا
الحصان - صہیلٌ	گھوڑے کی آواز کو ہنہنانا
الاسد - زئیرٌ	شیر کی آواز کو دھاڑنا

تنبیہ - جواب یوں مستعمل ہوگا

یقال لہ اعمٰی - یقال لہ نباحٌ

Marfat.com

الدّرس الثانی والعشرون (۲۲) فی اسئلۃ متنوعۃ

بماذا یدافع عن نفسہ؟

الجندی بسلاحہ	سپاہی اپنے ہتھیار سے
الھر۔ بانیابہ وبراثنہ	بلا اپنے دانتوں اور پنجوں سے
النسر بمخالبہ ومنقارہ	عقاب اپنے پنجوں اور چونچ سے
الحصانُ بحوافرہ واسنانہ	گھوڑا اپنے سموں اور دانتوں سے
الثور۔ بقرنیہ	بیل اپنے دونوں سینگوں سے
الفیل۔ بخرطومہ ونابیہ	ہاتھی اپنے سونڈ اور دونوں دانتوں سے

علی ما یطلق

الانام علی ما علی ظھر الارض من جمیع الخلق	انام۔ اُن تمام مخلوقات پر جو روئے زمین پر ہے
الماشیۃ علی البقر والضأن والماعز	مویشی۔ گائے بکری اور بھیڑ پر
الدواب علی کل ماشٍ علی الارض عامۃً وعلی الخیل والبغال والحمیر خاصۃً	چوپایہ۔ روئے زمین کی تمام چلنے والی چیزوں پر عموماً اور گھوڑے خچر و گدھے پر خصوصاً
السبع علی کل ما لہ ناب یعدو علی الناس والدواب فیفترسھا۔	درندہ ہر حیوان پر جس کے دانت ہوں اور لوگوں اور چوپایوں پر حملہ کرے اور انکو پھاڑ دالے

ما غایۃ ھذہ الاعمال؟

الحصاد قطع الزرع او قلعھا لاخذ الحبوب منھا	کٹائی۔ دانہ نکالنے کی غرض سے کھیتوں کا کاٹنا یا اکھیڑنا
الدیاس استخراج الحبوب من السنابل باستعمال الآلات	گہائی۔ خوشوں سے آلات کے ذریعہ دانوں کا نکالنا
والذرایۃ تنقیۃ الحبوب من التبن بواسطۃ الریاح الخفیفۃ	اڑانا۔ غلہ کو بھوسہ سے خفیف ہوا کے ذریعہ صاف کرنا
الغربلۃ تنقیۃ الحبوب من التراب والحصا بواسطۃ الغربال	چھاننا۔ غلہ کو مٹی اور کنکر سے چھلنی کے ذریعہ صاف کرنا
البیدر جمع الزرع بعد حصادھا	خرمن۔ کٹائی کے بعد کھیتوں کو اکٹھا کرنا

تنبیہ۔ جواب یوں مستعمل ہوگا۔ الجندی یدفع بسلاحہ۔ الانام یطلق علی ما علی الارض۔ الحصاد غایتہ قطع الزروع۔

Marfat.com

الدرس الثالث والعشرون (۲۳)

ان الفاظ کے مناسب حال اسم پیدا کرو۔

۱۔ الطبیب یداوی۔ طبیب مریضوں کا علاج کرتا ہے
۲۔ الحطاب یقطع۔ لکڑہارا درخت کاٹتا ہے۔
۳۔ الحائک ینسج۔ جلاہا کپڑے بنتا ہے
۴۔ الفلاح یحرث۔ کسان زمین جوتتا ہے۔
۵۔ الاسکاف یصنع۔ موچی جوتیاں بناتا ہے
۶۔ الجندی یدافع۔ سپاہی اپنے وطن کی حفاظت کرتا ہے
۷۔ البناء یبنی۔ معمار گھر بناتا ہے
۸۔ الملاح یسیر۔ ملاح کشتی چلاتا ہے۔
۹۔ البواب یفتح ویغلق { دربان دروازہ کو کھولتا ہے اور بند کرتا ہے۔
۱۰۔ الشرطی یقبض علی۔ پولیس مین گرفتار کرتا ہے
۱۱۔ الراعی ینفخ ب۔ چرواہا بانسلی بجاتا ہے
۱۲۔ العنکبوت تنسج۔ مکڑی جالا بناتی ہے۔
۱۳۔ الهواء یحیط۔ ہوا زمین گھیرے ہوئے ہے
۱۴۔ الثور یجر۔ بیل ہل کھینچتا ہے۔
۱۵۔ السمک یسبح فی۔ مچھلی پانی میں تیرتی ہے
۱۶۔ الصیاد یصید۔ شکاری شکار کرتا ہے
۱۷۔ البستانی یخدم۔ مالی باغ کی خدمت کرتا ہے

تنبیہ۔ پہلے ۱۱ الفاظ کا استعمال حصہ اول صفحہ ۱۶ اور ۱۲ کا صفحہ میں دیکھو۔ باقی یوں مستعمل ہوں گے۔ (۱۲) بیتہا (۱۳) بالارض (۱۴) المحراث (۱۵) الماء (۱۶) الوحش والطیر (۱۷) بالبستان۔

الدرس الرابع والعشرون (۲۴)

ان الفاظ کے مناسب حال فعل پیدا کرو۔

۱۔ الطحان۔ القمح۔ خراسی گیہوں پیستا ہے۔
۲۔ الخباز۔ الخبز۔ نانبائی روٹی پکاتا ہے۔
۳۔ الخیاط۔ الثیاب۔ درزی کپڑے سیتا ہے۔
۴۔ الطباخ۔ الاطعمة۔ باورچی کھانا پکاتا ہے۔
۵۔ الحصاد۔ الزرع۔ کھیتی کاٹنے والا کھیتی کاٹتا ہے۔
۶۔ السائق۔ الخیل۔ کوچبان گھوڑا ہانکتا ہے۔
۷۔ الشمس۔ الدنیا۔ سورج دنیا کو روشن کرتا ہے۔
۸۔ الکواکب۔ فی الافلاک۔ ستارے آسمانوں میں گردش کرتے ہیں۔
۹۔ البرق۔ فی الغمام۔ بجلی بادل میں چمکتی ہے۔
۱۰۔ الریح۔ الاشجار۔ تیز ہوا درختوں کو اکھاڑتی ہے۔
۱۱۔ البخار۔ الی الفوق۔ بخار اوپر کو چڑھتا ہے
۱۲۔ الصاعقة۔ ما لاقها { بجلی سے جو چھوئے اس کو جلا دیتی ہے۔
۱۳۔ البرکان۔ النار۔ آتش فشاں پہاڑ آگ اگلتے ہیں۔
۱۴۔ الغنم۔ العشب۔ بکری گھاس چرتی ہے۔
۱۵۔ المراکب۔ البحار۔ کشتیاں سمندر چیرتی ہیں۔
۱۶۔ الانهار۔ الریاض۔ نہریں باغ سیراب کرتی ہیں۔
۱۷۔ العنز الجرباء۔ کل القطیع { خارشی بھیڑ تمام گلہ کو خراب کرتی ہے۔

تنبیہ۔ افعال نمبر ۵، ۶ حصہ اول صفحہ ۱۶ میں اور ۷ تا ۱۲ صفحہ ۱۷ میں دیکھو اور باقی کا استعمال: (۱) یطحن (۲) یخبز (۳) یخیط (۴) یطبخ (۱۳) ترمی (۱۵) تشق (۱۶) تسقی (۱۷) تعدی۔

Marfat.com

الدرس الخامس والعشرون (۲۵)

ان لفظوں کے مناسب حال اسم پیدا کرو
كُنتُ :-

	میں:-
۱ .... فساعدتني	محتاج تھا تو نے میری مدد کی
۲ .... فعدتني	بیمار تھا تو نے میری بیمار پرسی کی۔
۳ .... فاطعمتني	بھوکا تھا تو نے مجھے کھانا کھلایا۔
۴ .... فكسوتني	برہنہ تھا تو نے مجھے کپڑا پہنایا۔
۵- ...... فآويتني	بے وطن تھا تو نے مجھے پناہ دی۔
من المضحكات:-	اس بات کے سننے سے ہنسی آتی ہے:-
۶- .... يذكر بسالته	بزدل اپنی بہادری بیان کرے۔
۷- .... يصف النور	اندھا روشنی کی تعریف بیان کرے:
۸- .... يصف الصوت	بہرہ آواز کی کیفیت بیان کرے۔
۹- .... يصف الصدق	جھوٹا سچائی کی کیفیت بیان کرے۔
لا يعرف الانسان عيبه:-	انسان اپنا عیب نہیں جانتا۔
۱۰- فالجبان يدعي	بزدل حلیم ہونے کا دعوے کرتا ہے۔
۱۱- والبخيل يدعي	بخیل کفایت شعاری کا
۱۲- والمسرف يدعي	فضول خرچ فیاضی کا۔
۱۳- والمتهور يدعي	جلد باز بہادری کا۔

تنبیہ۔ ان لفظوں کے مناسب حال اسم ذیل ہیں۔

(۱) محتاجا ۔ مريضا ۔ جائعا ۔ عاريا ۔ غريبا ۔

(۲) الجبان ۔ الاعمٰى ۔ الاصمّ ۔ الكاذب ۔

(۳) الحلم ۔ الاقتصاد ۔ الكرم ۔ الشجاعة ۔

Marfat.com

الدرس السادس والعشرون (۲۶)

ان جملوں کے مناسب حال فعل پیدا کرو۔

۱۔ ان وعدت ...... وعدك	جب وعدہ کرے تو وعدہ خلافی نہ کرے۔
۲۔ العاقل من ...... الى العواقب	عقلمند وہ ہے جو انجام کار دیکھے۔
۳۔ كل عام ..... الاشجار بالورق	درخت ہر سال پتوں کا لباس پہنتے ہیں
۴۔ الموت .... بين الغنى والفقير	موت امیر اور فقیر کو برابر کر دیتی ہے۔
۵۔ الخيول ...... العربات	گھوڑے گاڑیاں کھینچتے ہیں۔
۶۔ غابت الشمس ..... الظلام	سورج چھپا اور اندھیرا ہو گیا۔
۷۔ لما شاهد اخاه ..... الدموع	جب اپنے بھائی کو دیکھا تو اس کے آنسو نکلے۔
۸۔ من .... الله لا يخاف الناس	جو خدا سے ڈرتا ہے وہ لوگوں سے نہیں ڈرتا۔
۹۔ من عاش .... ومن مات فات	جو زندہ رہا وہ مرا اور جو مرا وہ گیا۔
۱۰۔ كثيرا ما نرى البرق و .... الرعد	ہم اکثر اوقات چمک دیکھتے ہیں اور گرج سنائی نہیں دیتی۔
۱۱۔ فاض النهر و ...... المواشى	دریا چڑھا اور چوپایوں کو دبو دیا۔
۱۲۔ عصفت الريح و ..... الاشجار	ہوا تند چلی اور درخت اکھڑ دیئے۔
۱۳۔ من ..... دينه فقد استغنى	جس نے اپنا قرض ادا کیا وہ دولتمند ہو گیا۔
۱۴۔ ان شتمك سفيه ف .... له	اگر بے عقل تجھے گالی دے تو اس کو جواب نہ دے۔
۱۵۔ هاج البحر و ... امواجه كالجبال	سمندر جوش میں آیا اور اس کی لہریں پہاڑ کی طرح بلند ہو گئیں
۱۶۔ فى هذا الصبح .... الى كتاب اخى	آج صبح میرے بھائی کا خط آیا۔
۱۷۔ الانهار .... مياهها فى البحر	دریا اپنا پانی سمندر میں پھینکتے ہیں۔

تنبیہ۔ مندرجہ بالا جملوں کے مناسب حال فعل حسب ذیل ہیں۔

(۱) لا تخلف (۲) نظر (۳) تکتسی (۵) تجر (۶) اقبل (۸) یخاف (۱۳) وفی (۱۴) لا تجیب (۱۶) ورد (۱۷)، تصب باقی فعل صفحہ ۵۵، ۵۷ سے ملیں گے۔ دیکھو حصہ اول۔

Marfat.com

الدرس السابع والعشرون (۲۷)

(الفاظ مندرجہ ذیل کو اپنے اپنے موقعہ پر رکھو)

شکرًا ۔ ربعٌ ۔ امامُ ۔ الموضع ۔ الشیطان ۔ کُلَّہ ۔ الغداۃِ ۔ دفن ۔ جاءَ ۔ باللّٰہ ۔

ان رجلاً ...... الی ابی حنیفۃؒ وقال یا ...... انی دفنت مالاً من مدّۃ طویلۃٍ ونسیت ...... الذی دفنتہُ فیہ ۔ فقال الامام لیس فی ھذا فقہٌ فاحتال لک ولکن اذھب فصل لیلۃً الی ...... فانک ستذکرہ ان شاء ...... تعالیٰ ۔ ففعل الرجلُ فلم یمض الا اقلّ من ...... اللیل حتی ذکر الموضع الذی ...... فیہ المال ۔ فجاء الی ابی حنیفۃؒ فاخبرہ ۔ فقال قد علمتُ ان ...... لا یدعک تصلے اللیل ...... فھلّا اتممت لیلتک کلھا ...... للّٰہ تعالیٰ ۔

تنبیہ ۔ متروک شدہ الفاظ اصل عبارت کے ساتھ ملاکر یوں پڑھیں گے ۔

ان رجلا جاء الی ابی حنیفۃؒ وقال یا امام نسیت الموضع الذی دفنتہ فیہ الخ ۔

ترجمہ سبق نمبر ۲۷

ایک شخص امام ابو حنیفہؒ کے پاس آیا اور کہا ۔ امام صاحب! میں نے مدت دراز سے کچھ مال گاڑا ہوا ہے اور جہاں گاڑا تھا ۔ وہ جگہ بھول گئی ہے ۔ امام صاحب نے کہا یہ تو کوئی فقہ کا مسئلہ نہیں ہے کہ تمہیں کوئی تجویز بتاؤں ۔ مگر جاؤ ۔ تمام رات صبح تک نماز پڑھو خدا نے چاہا تو تمہیں یاد آ جائے گی ۔ اس شخص نے ایسا ہی کیا ۔ ابھی چوتھے حصے سے رات کم گذری تھی کہ اس کو وہ جگہ یاد آگئی جہاں مال گاڑا تھا ۔ وہ امام صاحب کے پاس آیا اور ان کو یہ بات سنائی ۔ آپؒ نے کہا ۔ میں جانتا تھا ۔ کہ شیطان تمہیں ساری رات نماز نہیں پڑھنے دیگا ۔ تم نے ساری رات خدا کی شکر گزاری میں پوری کیوں نہ کی ۔

Marfat.com

الدرس الثامن والعشرون (۲۸)

(ان الفاظ کو اپنے اپنے موقعہ پر رکھو)

الیہ. فعزلہ. ظلمنی. کلیم. شارك. العدل. ثالثۃ.

وقف یہودیٌ لعبد الملك بن مروان فقال یا امیر المؤمنین. ان بعض خاصتك .... فانصفنی منہ واذقنی حلاوۃ .... فاعرض عنہ عبد الملك فوقف لہ ثانیًا. فلم یلتفت .... فوقف لہ مرۃ .... وقال یا امیر المومنین انا نجد فی التورۃ المنزلۃ علی .... اللہ موسی ان الامام لایکون شریکًا فی ظلم احدٍ حتی یرفع الیہ امر الظالم. فاذا رفع الیہ ولم یزل الظلم فقد .... فیہ فلما سمع عبد الملك کلامہ فزع وبعث فی الحال الی من ظلمہ .... واخذ للمظلوم حقہ منہ.

تنبیہ. متروک شدہ الفاظ کو اصل عبارت کے ساتھ ملاکر یوں پڑھو۔

ان بعض خاصتك ظلمنی اذقنی حلاوۃ العدل فلم یلتفت الیہ الخ

ترجمہ سبق نمبر (۲۸)

ایک یہودی عبد الملک بن مروان کے پاس آکر کھڑا ہوا اور کہا۔ امیر المومنین! آپ کے خواص میں سے ایک شخص نے مجھ پر ظلم کیا ہے۔ مجھ کو اس سے انصاف دلایئے اور عدل کا مزہ چکھایئے۔ عبد الملک نے اس سے منہ پھیر لیا۔ وہ پھر دوسری مرتبہ کھڑا ہوا۔ مگر عبد الملک نے اس طرف توجہ نہ کی۔ وہ پھر تیسری مرتبہ کھڑا ہوا۔ اور کہا۔ حضور! توریت جو موسیٰ کلیم اللہ پر نازل ہوئی ہے۔ ہم اس میں دیکھتے ہیں۔ کہ حاکم کسی کے ظلم میں شریک نہ ہوگا۔ مگر جب ظالم کا معاملہ اس کے پیش ہوجائے اور جب مقدمہ اس کے پیش ہو اور وہ ظلم دور نہ کرے۔ تو وہ ظلم میں اس کا شریک ہے۔ جب عبد الملک نے اس کی بات سنی گھبرا اٹھا اسی وقت ایک شخص ظالم کے پاس بھیجکر اس کو معزول کیا اور اس سے مظلوم کا حق دلوا یا۔

Marfat.com

الدرس التاسع والعشرون (۲۹)

ان کو معنے کے لحاظ سے ترتیب دو۔

الله یحفظنا و یخلقنا

هربتُ۔ وخفت و ابصرت الحیة۔

الانسان ویموت یولد ویقضی فی الشقاء

وافتتحها طیطس اورشلیم واحرقها حاصر

واعتزل الحسن سلم وبویع الامر الی معاویه

رأی الاب ولده فی خطر خاص فرکض الیه

اکلتها حواء الثمر المحرم وقطفت

الببغاء یحفظ الکلام ویکرره ویسمع

واخذه السنور للفار کمن وانقض علیه

ترتیب شدہ پر غور کرو

الله یخلقنا و یحفظنا۔

ابصرت الحیة و خفتُ وهربتُ۔

الانسانُ یولد ویقضی فی الشقاء ویموت

حاصر طیطس اورشلیم وافتتحها واحرقها

بویع الحسن واعتزل وسلم الامر الی معاویة

رأی الابُ ولدهُ فی خطر فرکض الیه وخلّصه

قطفت حواء الثمر المحرم واکلتها

الببغاء یسمع الکلام ویحفظه ویکرره

کمن السنور للفار انقض علیه واخذه

ترجمہ سبق نمبر (۲۹)

خدا ہماری حفاظت کرتا ہے اور ہم کو پیدا کرتا ہے

میں بھاگا۔ اور ڈرا اور دیکھا۔ سانپ

انسان مرتا ہے پیدا ہوتا ہے اور بدبختی میں عمر گذارتا ہے

اور فتح کیا طیطوس نے بیت المقدس اور اس کو جلایا محاصرہ کیا

اور کنارہ کش تھا امام حسن اور سپرد کی

بیعت کی گئی حکومت معاویہ کو۔

باپ نے اپنے بیٹے کو خطرناک حالت میں دیکھا

اس کو چھڑایا اور اس کی طرف اچھلا۔

کھایا حوا نے ناجائز پھل اور اس کو چنا۔

طوطا یاد کرتا ہے کلام اس کو دہراتا اور سنتا ہے۔

پکڑا بلی نے چوہے کو اور اس کی گھات میں بیٹھی اور حملہ کیا

خدا ہمیں پیدا کرتا ہے اور ہماری حفاظت کرتا ہے

میں نے سانپ کو دیکھا اور ڈر کر بھاگا۔

انسان پیدا ہوتا ہے اور بدبختی میں عمر گذار کر مر جاتا ہے

طیطوس نے بیت المقدس کا محاصرہ اور فتح کر کے جلا دیا۔

امام حسن کی بیعت ہوئی اور وہ کنارہ کش ہوا۔

اور حکومت معاویہ کو سپرد کر دی۔

باپ نے بیٹے کو خطرناک حالت میں دیکھا اور

اچھل کر اس کو چھڑایا

حوا نے ناجائز پھل چنا اور کھا لیا

طوطا کلام سنتا ہے اسکو یاد کرتا ہے اور دہراتا ہے۔

بلی نے چوہے کی گھات لگائی اور حملہ کر کے اسکو پکڑ لیا

Marfat.com

الدرس الثلاثون (۳۰)

اس کہانی کو معنے کے لحاظ سے ترتیب دو۔

خرجت اللبوۃ وترکت شبلها لتطلب صیدًا فرآه فارسٌ فمرّ به وقتله وحمل علیه وترک لحمه واخذه وسلخ جلده وذهب فلما رأت اللبوۃ شبلها مقتولا ورجعت رأت امرًا فظیعًا فناحت عالیًا۔ نوحًا۔ فلما اقبل علیها القرد مسرعًا سمع صوتها فقالت له فقعل به صیاد بشبلي ما ترے مرّ۔ فاخذ القرد یعظها ویعزّیها۔

ترتیب شدہ کہانی پر غور کرو۔

خرجت اللبوۃ تطلب صیدًا وترکت شبلها۔ فمرّ به فارسٌ فرآه وحمل علیه فقتله وسلخ جلده واخذه وترک لحمه وذهب فلما رجعت اللبوۃ ورأت شبلها مقتولاً رأت امرًا فظیعًا فناحت نوحًا عالیًا فلما سمع القرد صوتها اقبل علیها مسرعًا فقالت له مرّ صیاد بشبلي ففعل به ما تری فاخذ القرد یعزیها ویعظها۔

ترجمہ سبق نمبر ۳۰

ایک شیرنی نکلی اور اپنے بچے کو چھوڑ گئی۔ شکار کی تلاش میں اس کو دیکھا ایک سوار نے اس کے پاس سے گذرا اور اس کو مار ڈالا اور اس پر حملہ کیا اور اس کا گوشت چھوڑ دیا اس کو لیا اور اس کی کھال اتاری اور چلا گیا جب شیرنی نے اپنے بچے کو مرا ہوا پایا اور واپس آئی دیکھا سخت ناگوار کام تو چلائی بہت زور سے جب آیا اس کے پاس بندر جلدی سے اُسکی آواز سنی شیرنی نے کہا شکاری نے میرے بچے سے جو کچھ تو دیکھتا ہے۔ گذرا۔ بندر نے اس کو نصیحت کی اور تسلی دینی شروع کی۔

الدرس الحادی والخمسون (٥١)

ما غادرنا میناء الاسکندریة حتی هاج البحر۔	ہم نے اسکندریہ کی بندرگاہ ابھی نہیں چھوڑی تھی کہ سمندر لہرانے لگا۔
اجتاز قنال السویس فی شهر یولیو الماضی ٣٢٧ سفینة۔	جولائی گذشتہ میں ٣٢٧ جہاز نہر سویز سے گذرے۔
عادت الحملة التی انفذت ضد الملا مفتون الی بربره۔	جو دستہ ملا مفتون کے برخلاف بربرہ کو بھیجا گیا تھا واپس آیا۔
کانت نتیجة امتحان تلامذة المدرسة الامیریة فی هذا العام حسنة جداً۔	سرکاری مدارس کے شاگردوں کا نتیجہ امتحان سال حال میں بہت عمدہ تھا۔
رضی الباب العالی بشراء الارصفة التی انشأتها الشرکة الفرنسویة۔	باب عالی ان گھاٹوں کی خریداری پر رضامند ہے جن کو فرنچ کمپنی نے تعمیر کیا تھا۔
سقطت طفلة من ید والدتها فی البحر بینما کانت الباخرة التی تقلها قادمة للمینا۔	ایک لڑکی اپنی والدہ کے ہاتھ سے سمندر میں گر پڑی جب کہ اگنبوٹ اس کو اٹھائے ہوئے بندرگاہ کو آرہا تھا۔
یجتمع مجلس شوری القوانین من اول اغسطس المقبل للنظر فیما لدیه من المشروعات۔	مجلس واضعان قوانین اگست آئندہ سے فراہم ہوگی تاکہ جو تجاویز اس کے پاس ہیں ان پر غور کرے۔
حکم علی الیوزباشی محمد افندی بالطرد من خدمة الجیش والحبس بالاشغال الشاقة لمدة سنتین۔	محمد آفندی کپتان کے خلاف حکم ہوا کہ فوجی خدمت سے نکالا جائے اور وہ نیز دو برس قید بامشقت میں رہے۔

Marfat.com

الدرس الثاني والخمسون (۵۲)

صودق على ميزانية الهند۔	ہندوستان کا بجٹ پاس کیا گیا۔
سافر ١٥٠٠ عسكري اوربي الى بكين۔	ایک ہزار پانچسو یورپین سپاہی پکین کو روانہ ہوئے
وقع وكلاء الدول على مشروع ابتدائي۔	سلطنتوں کے وکلاء نے ابتدائی تجویز پر دستخط کیے۔
تفيد اخبار انقرة ان موسم الحصاد فيها جيد كثيراً۔	انگورہ کی خبروں سے معلوم ہوا کہ وہاں فصل کاٹنے کا موسم اچھا ہے
منح لحضرة ابراهيم بك حليم وكيل مديرية قنا باجازة من ١٥ ابريل الى ١٠ يوليو۔	ابراہیم بک حلیم نائب کلکٹری قنا کی رخصت ۱۵ اپریل سے ۱۰ جولائی تک منظور ہوئی۔
انيب عن حضرة حافظ افندي ليقيم باعماله مدة تغيبه۔	حافظ آفندی ان کا قائم مقام مقرر ہوا کہ ان کی غیر حاضری کے زمانے میں ان کے کاروبار کا انصرام کرے۔
توفيت الى رحمة الله والدة حضرة مهندس مركزنا بالشرقية۔	ہمارے صدر مقام شرقیہ کے انجینیر کی والدہ فوت ہو گئیں
شيعت جنازتها في موكب حافل بارباب الحيثيات من اعيان المدينة وموظفيها۔	اس کا جنازہ پورے جلوس کے ساتھ اٹھایا گیا۔ جس میں شہر کے معززین اور سرکاری عہدہ دار شامل تھے
حدث امس زلزال في ازمير امتد بضع ثوان ولكن لم يحدث منه خسائر في النفوس۔	کل کے روز ازمیر میں بھونچال آیا اور کئی سیکنڈ تک رہا لیکن اس سے جانوں کا کوئی نقصان نہیں ہوا
صدرت قرار من مديرية جيزة يقضي بمنع الاستقاء من ترعة سوارس منعاً تاماً۔	جیزہ کی کلکٹری سے حکم صادر ہوا ہے کہ نہر سوارس کے گھاٹ سے پانی بھرنے کی قطعی ممانعت ہو گی۔

Marfat.com

الدرس الثالث والخمسون (۵۳)

توجہ سفیر المانیا الی بکین۔	جرمنی کا سفیر پیکن کو روانہ ہوا۔
احتلت الجنود البریطانیۃ ملدنۃ کاردلینا۔	انگریزی فوج شہر کارڈلینا پر قابض ہوئی۔
اصدرت الروسیا امرها لمنع تصدیر الاسلحۃ للصین۔	گورنمنٹ روس نے حکم دیا ہے کہ چین میں ہتھیار جانے نہ پائیں
تقرر ضرب الحجر الصحی علی مسافری بیروت ۴۸ ساعۃ۔	بیروت جانے والوں پر ۴۸ گھنٹے کا قرنطینہ (کوارنٹائین) مقرر ہوا۔
تبرعت حضرۃ الوجیہ الشیخ رضوان المقاول بخمسۃ عشر جنیها اعانۃ المدرسۃ الخیریۃ۔	شیخ رضوان ٹھیکیدار نے پندرہ پونڈ مدرسہ خیریہ میں بطور اعانت کے دیئے۔
قلت المیاہ فی ترعۃ الرشیدیۃ بسبب انحطاط میاہ النیل بالفرع الغربی۔	نیل کی مغربی شاخ کا پانی اتر جانے سے نہر رشیدیہ کا پانی گھٹ گیا۔
ان المسیودی وائت سیسافر فی اخر اغسطس الی الشرق الاقصی ویزور مدینۃ بکین۔	مسٹر ڈائٹ عنقریب اگست کے اخیر میں چین کو جائے گا اور شہر پیکن کی سیر کرے گا۔
انقطع امس السلك الکهربائی فی الملکس فازدحمت الطریق بمرکبات الترامویٰ۔	کل ملکس میں برقی تار ٹوٹ گیا اور راستہ ٹریموے کی گاڑیوں سے رُک گیا۔
اعلن الروسیا ان الغرض من وفد التبت الحصول علی امتیازات البوذیین التابعین للروسیا۔	گورنمنٹ روس نے اعلان کیا ہے کہ تبت کے مشن سے بدھ مذہب کی رو سے رعایا کے حقوق کا حاصل کرنا مقصود ہے۔
حصل شقاق بین رجل وامرأتہ واستفحل امرہ فافضی الی محاولۃ الانتحار حیث حدثتہ نفسہ بالشنق۔	ایک شخص اور اس کی بیوی میں جھگڑا ہوا اور بات اس قدر بڑھی کہ خودکشی کی نوبت پہنچی یہاں تک کہ اس کے جی میں پھانسی کا خیال آیا

Marfat.com

الدرس الرابع والخمسون (۵۴)

بدأت الجنود الانكليزية امس بالنزول۔	کل انگریزی فوج نے اترنا شروع کیا
يتولى الدفاع عن المتهمين حضرة حمودة افندي المحامي۔	ملزموں کی طرف سے حمودہ آفندی وکیل جوابدہی کرے گا۔
بلغت خسائر البوير منذ ۱۵ الجاري ۲۸ قتيلا وجريحا ۳۱۶ اسيرًا وخاضعًا۔	پندرھویں ماہ حال تک بویروں کا یہ نقصان ہوا کہ ۲۸ مقتول اور مجروح ہوئے اور ۳۱۶ مقید اور مطیع۔
ازداد الحر في دار السعادة هذه الايام حتى كادت النفوس تزهق من تاثيره۔	ان دنوں قسطنطنیہ میں اس قدر گرمی بڑھی کہ اس کے اثر سے جانیں قریب نکلنے کے ہیں۔
عاد سعادة بطرس باشا غالي ناظر الخارجية الى الاسكندرية على اكسبرس مساء الامس۔	محکمہ خارجیہ کا وزیر بطرس باشا غالی کل شام کی ڈاک گاڑی سے اسکندریہ کو واپس آیا۔
مر اليوم في قنال السويس اسطول الماني مؤلف من اربعة دوارع وطرادة قاصد ابورسعيد۔	آج نہر سویز سے جرمنی کے جہازوں کا ایک بیڑا ابورسعید کو جاتا ہوا گذرا جس میں چار جہاز آہن پوش اور ایک کشتی تھی۔
بلغ عدد من اعتقهم قلم منع بيع الرقيق من شهر يونية الماضي ۱۸ سودانيا بين ذكور واناث۔	غلاموں کی فروخت کے روکنے والے محکمہ نے جن لوگوں کو آزاد کیا۔ جون میں ان کی تعداد مرد عورت ملا کر ۱۸ سوڈانی تھی۔
افادت واخبار فرنسا ان حضرة الاديب جرجس افندي فاز الامتحان النهائي في علم الحقوق ونال الشهادة الليسنسية۔	فرانس کی خبروں سے معلوم ہوا کہ جرجس آفندی نے قانون کا آخری امتحان پاس کیا اور لائیسنسیٹ کی سند حاصل کی۔

Marfat.com

الدرسُ الخامسُ والخمسُون (۵۵)

كثرت الحوادث الجنائية بانحاء مديريتنا۔	جرائم فوجداری ہماری کلکٹری کی اطراف میں بڑھ گئے
رفعوا البحر الصحي عن باخرة لاؤس۔	لاؤس جہاز کا قرنطینہ اٹھایا گیا۔
غرق غلام من مكان الشبرا في النيل عند ما كان يسبح فيه۔	باشندگان شبرا کا ایک لڑکا نیل میں ڈوب گیا جبکہ اس میں تیر رہا تھا۔
فانتشلت جثته وصرح بدفنها بعد الكشف الطبي۔	اس کی لاش اٹھائی گئی اور معائنہ ڈاکٹری کے بعد اس کے دفن کی اجازت ہوئی۔
جاء في البلاغات الرسمية ان السلك الحجازي قد تم قسم آخر منه۔	سرکاری اعلان سے معلوم ہوا کہ حجاز کی تاربرقی کا آخر حصہ ختم ہو گیا۔
انكر ناظر الخارجية ما شاع عن عقد اتفاق مع انكلترا على المغرب الاقصى۔	انگلستان کا مراکو کے ساتھ معاہدہ ہونے پر جو کچھ شائع ہوا تھا وزیر خارجہ نے اس سے انکار کیا۔
فابحرت اليخت او فيرا اثناء مسيره عاصف شديد فاضطر الى العود للمينا۔	او فیرا یخت (کشتی) کو اثنار وانگی میں ناگہانی ہوا کا طوفان آیا اور وہ بندرگاہ کی طرف واپس آنے پر لاچار ہوئی۔
يقام معرض الاقحوان بمحل المعرض الزراعي في الجزيرة يوم ۵ نوفمبر المقبل۔	گل بابونہ کی نمائش ۵ نومبر آئندہ کو نمائش زراعتی کے مقام پر جزیرے میں قائم ہوگی۔
بينما كان خادم يوناني يقلب طبنجة بين يديه اذا انطلق منها عيار فاصاب في بطنه۔	ایک یونانی خدمتگار اپنے ہاتھ میں طپنچہ پھیر رہا تھا کہ ناگاہ اس کی گولی چلی اور اس کے پیٹ میں لگی۔
تشاجر ايطاليان مساء امس في وجه البركة ونبولت العيارات النارية بينهما في منتصف الساعة السابعة۔	کل شام کو مقام وجہ برکہ میں دو باشندگان اٹلی کا جھگڑا ہوا اور ساڑھے سات بجے دونوں میں گولی چلنی شروع ہوئی۔

Marfat.com

الدرس السادس والخمسون (۵۶)

تمردت حامية ادرنة فارسلت الى اليمن۔

ادرنہ کی فوج نے سرکشی کی اور یمن میں بھیجی گئی۔

وصل هنا جلالة القيصر والقيصرة قرينته۔

حضور شہنشاہ اور شہنشاہ بیگم یہاں پہنچے۔

اعلن ان الطاعون تفشى فى مدينة اديلائد۔

اعلان کیا گیا ہے کہ طاعون شہر ادیلڈ میں پھیل گیا ہے۔

عدلت الاورطة الثالثة من فرسان بومبائى عن السفر۔

بمبئی کی تیسری رجمنٹ سواران سفر سے روکی گئی۔

تقرر نقل اليوزباشى محمد افندى معاون بوليس مركز اشمون الى مركز ادفو۔

کپتان محمد آفندی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس صدر مقام اشمون کی تبدیلی صدر مقام ادفو کو قرار پائی ہے۔

انه من الراجح تخفيف اجرة التلغرافات التى ترسل الى الهند

جو تار خبریں ہندوستان کو بھیجی جاتی ہیں ان کی اُجرت غالبًا کم ہو جائے گی۔

يبرح القاهرة غدا حضرة الشيخ محمد قاصدًا سورية لتبديل الهواء۔

شیخ محمد تبدیل آب وہوا کے ارادے سے کل قاہرہ سے ملک شام کو روانہ ہونگے۔

ركاب الدرجة الثالثة فى السكة الحديدية هنا دائما فى ازدحام لقلة المركبات۔

تیسرے درجے کے مسافران ریل میں کمی گاڑیوں کے سبب سے ہمیشہ ہجوم رہتا ہے۔

بلغ عدد القتلى من بوير الاورانج و الترنسفال منذ نشبت نيران الحرب الى الان الف نفس۔

اورانج اور ٹرانسوال کے مقتول بوئروں کی تعداد لڑائی شروع ہونے سے اب تک ایک ہزار آدمی کو پہنچ گئی ہے۔

لم يعط الجواز للباخرة كورموزا التى من بين ركابها اثنان مصابان بالطاعون فسافرت الى بليموث۔

ٹرموزا جہاز کو جس کے مسافروں سے دو شخص طاعون زدہ قرار پائے تھے۔ پاسپورٹ نہیں دیا گیا اور جہاز مذکور پلائے موتھ کو چلا گیا۔

Marfat.com

الدرس السابع والخمسون (۵۷)

اضرب عمال الترامواي عن العمل۔	ٹرمیوے کے کارکنوں نے کام چھوڑ دیا۔
حدثت ثورات عديدة في مستعمرة الكاب۔	کیپ کی آبادی میں متعدد ہنگامے برپا ہوئے۔
قدرت خسائر حريق حانوت سليم افندي بقيمة ۷۰۰ جنيه۔	آتش زدگی سے سلیم آفندی کی دکان کا نقصان بقدر ۷۰۰ پونڈ کے تخمینہ ہوا ہے۔
صرح لشركة الغاز بمد انابيبها الكهربائية في شارع الفلكي۔	گیس کی کمپنی کو فلکی بازار میں برقی نل لگانے کی اجازت دی گئی۔
فاز امتحان الترقي من ضباط الجيش المصري ۲۰ يوزباشيا۔	مصری فوج کے افسروں میں سے ۲۰ کپتان امتحان ترقی میں کامیاب ہوئے۔
تهتم مديرة المتحف السلطاني بطبع مجموعة تشتمل على بيان المسكوكات العثمانية۔	سلطانی عجائب خانہ کا محکمہ اہتمام کر رہا ہے کہ ایک ایسا مجموعہ چھپوائے جو سلطنت عثمانی کے سکوں کو شامل ہو۔
قررت النيابة العمومية جلسة يوم الاثنين لمحاكمة سائق الترامواي الذي داس البنت۔	نیابت عمومی نے ایک جلسہ دوشنبہ کے دن ٹرمیوے کے اس ڈرائیور کے فیصلہ کے واسطے مقرر کیا ہے جس نے لڑکی کو کچل ڈالا تھا۔
احتفل حضرة مبروك افندي بعقد قران نجله بكريمة حضرت وزيربك احتفالا حافلا۔	مبروک آفندی نے اپنے بیٹے کی کتخدائی پر جو وزیر بک کی لڑکی سے ہوئی۔ ایک بڑا جلسہ کیا۔
حضرت الجم الغفير من الوجوه الاعيان الذين انصرفوا في الختام يدعون للعروسين بالصفاء والهناء۔	اس جلسہ میں بہت سے عمائد اور معززین شامل ہوئے جو خاتمے پر دولہا اور دلہن کو مبارکباد اور اخلاص کی دعائیں دیتے ہوئے گھروں کو گئے۔

Marfat.com

الدَّرسُ الثامِنُ والخمسُونَ (۵۸)

استاجرت اليابان ۲۵ سفينة للنقل۔	سلطنت جاپان نے ۲۵ جہاز بار برداری کے واسطے ٹھیکے پر لیئے۔
طعن يونانيٌ خادما بمدية في جنبه۔	ایک یونانی نے ایک نوکر کے پہلو میں چھری ماری۔
يقضي سعادةُ محافظنا اجازته في سوريه۔	ہمارا گورنر اپنی رخصت کے ایام شام میں بسر کرے گا۔
تُطلقُ الجنودُ المتحدة القنابلَ على القصرِ الامبراطوري۔	متحدہ لشکر شہنشاہ کے محل پر گولہ اندازی کر رہے ہیں۔
تقرر احالة مدير البريد محافظ قنال السويس على المعاش لاسباب الصحة۔	قسمت نہر سویز کے پوسٹ ماسٹر کی پنشن اُس کی صحت جسمانی کے لحاظ سے قرار پائی۔
سافر سعادةُ ابراهيم باشا نجيب الى الاسكندرية ليقضي فصل الصيف هناك۔	ابراہیم پاشا نجیب اسکندریہ کو گیا تاکہ موسم گرما وہاں بسر کرے۔
الهواء في هذه الميناء كان معتدلاً لطيفا يستنشق منه الانسان كل لحظة ريح الصحة والنشاط۔	اس بندرگاہ میں ہوا اس درجہ معتدل اور لطیف تھی کہ انسان اس سے ہر گھڑی صحت اور چستی کی بو سونگھتا تھا۔
انعقدت لجنةٌ للبحث في اصلاح السلك البرقي الممتد بين الهند والبلاد العثمانية۔	تار برقی لائن جو ہندوستان اور بلاد عثمانیہ میں کھنچی ہوئی ہے۔ اس کی درستی پر گفتگو کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر ہوئی۔
علت مياه النيل فيما يلي القناطر الخيرية شمالاً علواً بالغا على اثر فتح هذه القناطر اول امس۔	نیل کا پانی جو خیراتی پلوں سے ملا ہوا ہے ان پلوں کے کھلنے کے ساتھ ہی کل صبح کو شمال کی طرف بہت تیزی سے بلند ہوا۔

Marfat.com

الدرس التاسع والخمسون (۵۹)

انحل مجلس النواب۔	پارلیمنٹ کھلی۔
لاتزال صحة ولی العہد فی خطر۔	ولیعہد کی صحت اب تک خطرناک ہے۔
حضر ما حضرة محمود افندی معاون بولیس واستلم اعمالہ۔	محمود آفندی اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس ہمارے ہاں تشریف لائے اور اپنے کام کا چارج لیا۔
ثلاثة ارباع الموظفین المتعہدین مدیونون للمرابین۔	عہدہ داروں اور نوکروں کی تین چوتھائی سود خوروں کی قرضدار ہے۔
بعثت حکومة مراکش مذکرةً للدول تقیم فیہا الحجة علی تعدیات فرنسا۔	حکومت مراکو نے ایک یادداشت سلطنتوں کو بھیجی ہے جس میں فرانس کی زیادتیوں پر دلیل قائم کی ہے
بعثت الینا شرکة الحاصلات تقریرھا سنوی عن اعمال ادارتہا۔	کمپنی پیداوار نے اپنی سالانہ رپورٹ ہمارے پاس بھیجی ہے جس میں اپنے انتظامات کا بیان کیا ہے۔
قد اعتاد الجزارون ببندر دمنھور علی ذبح المواشی الھزیلة مثل المعز والنعاج۔	بندر دمنہور کے قصاب لاغر جانوروں کے ذبح کرنے پر عادی ہو گئے ہیں مثل بکری اور دنبے کے۔
نشرت الوقائع المصریة امس قرار نظارة الاشغال العمومیة بمنع ری الشراقی۔	کل وقائع مصریہ نے محکمہ تعمیرات کا اعلان مشرقی آبپاشی روکنے کے متعلق مشتہر کیا ہے۔
استعفی حضرة الفاضل الدکتور احمد افندی مفتش صحة اسیوط من وظیفتہ	ڈاکٹر احمد آفندی انسپکٹر حفظان صحت سیوط نے اپنی خدمت سے استعفا دیا۔
تتمرن البیادة الراکبة الانکلیزیة بالبندقیة الخالیة من الساعة السادسة والثامنة من صباح الغد بالعباسیة۔	انگریزی سوار کل چھ اور نو بجے کے درمیان عباسیہ میں خالی بندوقوں سے قواعد کریں گے۔

Marfat.com

الدرس الستّون (۶۰)

انخفض میاه النیل عمّا کانت علیه.	نیل کا پانی جس حالت میں تھا اس سے اتر گیا۔
انتهت حادثة البوستات الاجنبیة.	غیر ملکی ڈاک خانوں کے جھگڑے ختم ہو گئے۔
اوقف حضرة الیکباشی علی افندی لمدة شهرین.	میجر علی آفندی دو مہینے کے واسطے معطل کیا گیا۔
احضر اثنان من رسل البوار بر هنا رسالة الی الرئیس ستین.	بویروں کے دو ایلچی پریزیڈنٹ سٹائن کے پاس پیام لائے۔
توفی عدد کثیر من عساکر المانیین بالحمی التیفوریة.	جرمنی فوج میں سے بہت آدمی بخار ٹیفر سے مر گئے۔
أخرج رکاب الدرجة الثالثة کل ما معهم الی البر لیطهروا وتطهر امتعتهم.	تیسرے درجے کے مسافر میدان کے سامان کے خشکی پر اتارے گئے تاکہ ان کو اور ان کے اسباب کو پاک صاف کیا جائے۔
اعیدت المراقبة الصحیة علی البواخر المارة بثغر بور سعید بسبب الاصابة الاخیرة.	پورٹ سید سے گذرنے والے جہازوں پر حفظان صحت کی نگرانی دوبارہ کی گئی۔ بسبب آخری واردات کے۔
فاز فی امتحان الجراحة وفن طب الاسنان باللغة الفرنساویة بدار السعادة حضرت محمد افندی.	سرجری اور دانتوں کا امتحان فرانسیسی زبان میں محمد آفندی نے استنبول میں پاس کیا۔
کان الیوم موعدا للنظر فی قضیة مصطفی احمد قواص البنك الاهلی المتهم فی مسئلة سرقة کیس النقود.	آج کا دن بنک اہلی کے چپراسی مصطفی احمد کے مقدمہ میں غور کرنے کے واسطے مقرر تھا۔ جو ایک تھیلی نقدی کے چرانے کا ملزم ہے۔

Marfat.com

الباب السابع في الجمل المنتخبة من جرائد الفنون

الدرس الحادي والستون (۶۱)

كان للجناب الخديوي المعظم في لندرا أجمل استقبال وأبهى وأقيمت له المآدب وأهدته حضرة الملكة و سام فيكتوريا الاول.

لندن میں خدیو معظم کا استقبال بہت عمدگی اور خوبی سے ہوا اور ان کی دعوتیں کی گئیں اور ملکہ معظمہ نے اول درجے کا تمغہ وکٹوریہ ان کو تحفہ دیا۔

هذا نص الخطاب الذي ألقاه فضيلتلو محمد علي آفندي في أثناء الاحتفال بتأسيس السكة الحديدية من دمشق الشام الى بلد الله الحرام.

یہ وہ اصل سپیچ ہے جو محمد علی آفندی نے اس جلسہ میں دی تھی۔ جو دمشق شام سے کعبۃ اللہ تک ریل بنائے جانے کے متعلق ہوا تھا۔

من الانباء الرسمية ان الموسيو مسارزق احد موظفي وزارة المعارف الفرنسوية قد حرز من الحكومة العثمانية امتيازا بتحري الآثار القديمة لمدة حولين.

سرکاری خبروں سے معلوم ہوا کہ موسیو سارزق محکمۂ تعلیم فرانس کے ایک عہدہ دار نے گورنمنٹ عثمانی سے آثار قدیمہ کی تلاش کے واسطے دو برس کی سند حاصل کی۔

جاء في الجرائد المصرية ان المخترع الشرقي يوسف أفندي صاحب المدافع الهوائي الشهير قد اخترع ساقية بخارية لارواء الاراضي والمزروعات ونصب مثالا منها في بستان كبير بشبرا۔

مصر کے اخباروں میں ذکر کیا گیا ہے۔ کہ مشرقی مخترع یوسف آفندی نے جو ہوائی توپ کا موجد مشہور ہے۔ ایک دُخانی رہٹ زمینوں اور کھیتوں کی آبپاشی کے واسطے ایجاد کیا اور شبرا کے ایک بڑے باغ میں اس کا نمونہ قائم کیا۔

Marfat.com

الدَّرْسُ الثَّانِی وَالسِّتُّوْنَ (۶۲)

صادق مجلس النواب علی قانون الجمعیات الدینیۃ باکثریۃ ۳۰۳ اصوات ضد ۲۲۴ صوتا۔	پارلیمنٹ نے مذہبی سوسائٹیوں کا قانون ۳۰۳ ووٹوں کی زیادتی سے برخلاف ۲۲۴ ووٹوں کے پاس کیا۔
روت جریدۃ الدیلی میل ان اللجنۃ الدفاع فی وزارۃ الانکلیزیۃ قررت تخصیص خمسۃ ملائین لیرۃ ونیف لصنع مدافع جدیدۃ۔	اخبار ڈیلی میل نے بیان کیا ہے کہ وزارت انگلستان کی کمیٹی مدافعت نے پانچ ملین پونڈ سے کچھ زیادہ نئی توپوں بنانے کے واسطے مختص کیا۔
افادت الانباء البرقیۃ الواردۃ من عاصمۃ باریز انہ فی الیوم الرابع من الشھر الجاری افتتح الموسیو لوبیہ رئیس الجمھوریۃ الفرنسویۃ المعرض العام رسمیا۔	جو تار خبریں دار الحکومت پیرس سے آئی ہیں ان سے معلوم ہوا کہ چوتھی ماہ حال کو مسٹر لوبیہ پریزیڈنٹ حکومت جمہوری فرانس نے نمائش گاہ کو سرکاری طور پر کھولا۔
ابتاعت الحکومۃ الصربیۃ منذ ایام اربعین الف بندقیۃ من الطرز الجدید السریع الاطلاق جھزت بھا جیشھا ووزعھا علیھم الملکُ میلان بنفسہ۔	حکومت سرویہ نے چند روز سے چالیس ہزار بندوقیں نئی طرز کی اور جلد چلنے والی خریدی ہیں اور اپنے لشکر کو اس سے آراستہ کیا اور شاہ میلان نے بذات خاص ان کو لشکریوں پر تقسیم کیا۔
بناءً علی حلول موسم تلقیح الجدری (التطعیم) قد تعین کلٌّ من یومی الاثنین والخمیس من کل اسبوع لاجراء عملیۃ التلقیح المذکور بمعرفۃ الطباء البلدیۃ۔	ٹیکے کا موسم آنے کے باعث دوشنبہ اور پنجشنبہ کا دن ہر ہفتہ میں مقرر ہوا ہے۔ تاکہ ٹیکے کا کام میونسپل کمیٹی کے ڈاکٹروں کے ذریعے جاری کیا جائے۔

Marfat.com

الدّرسُ الثالثُ والسّتونَ (۶۳)

عطلت جريدة الاحوال لاجل غير محدود لتغافل صاحب امتيازها۔

اخبار "احوال" اس کے مالک کی غفلت کے باعث معین وقت تک بند کیا گیا۔

تفيد الاخبار الواردة من عدن ان الطاعون قد فشا فيها واصيب به ستة انفس فتقرر اقامة الحجر الصحي فيها۔

جو خبریں عدن سے آئیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں پر طاعون پھیل گیا اور چھ آدمی اس سے بیمار ہوئے اور قرنطینہ کا اس میں قائم ہونا قرار پایا۔

لا اصل لما اشاعت الجرائد الاروبية من وفاة المولى احمد بن موسى الوزير الاكبر بفارس فان جنابه لا يزال بقيد الحياة وان كان متالما من مرضه اللازمة۔

یورپ کے اخبارات نے فارس کے وزیر اعظم مولی احمد بن موسیٰ کی وفات کی نسبت جو خبریں شائع کی ہیں ان کی کچھ اصلیت نہیں کیونکہ جناب موصوف ابتک زندہ ہیں اگرچہ وہ اپنی دائمی بیماری سے تکلیف میں ہیں۔

روت (روٹر) عن انباء لسبون عاصمة البرتغال انه لم يرد في خطاب الملك الذي تلى حين افتتاح دار الندوة تلميح على الاطلاق الى حرب الترنسفال۔

روٹر نے پرتگال کے دارالحکومت لزبن سے خبر دی ہے کہ بادشاہ کی جو سپیچ پارلیمنٹ کھولے جانے کے وقت پڑھی گئی تھی اُس میں کوئی اشارہ جنگ ٹرانسوال کے چھوڑنے کی نسبت نہیں تھا۔

نشر الرئيس ستين رئيس جمهورية اورانج الحرة المشتركة مع الترنسفال في الحرب الحاضرة منشورًا يقضي بدخول جميع البيض على اختلاف اجناسهم في الخدمة العسكرية۔

آزاد اورانج کی جمہوری حکومت جو موجودہ لڑائی میں ٹرانسوال کے شریک ہے اس کے پریزیڈنٹ سٹائن نے ایک فرمان شائع کیا ہے جس کا مقتضا یہ ہے کہ تمام گورے بالحاظ قومیت کے جنگی خدمت میں داخل کئے جائیں۔

Marfat.com

الدَّرسُ الرّابعُ والسِّتّون (۶۴)

كتبت نظارة المعارف الى جميع دوائرها بانّه لا يجوز لها شراء او تعمير عمارة باسم المعارف الّا باذنها۔

محکمہ تعلیم نے اپنے حلقوں کو لکھا ہے کہ ان کو محکمہ تعلیم کے نام سے بلا اجازت کسی زمین کے خریدنے یا اس کے تعمیر کرنے کا اختیار نہ ہوگا۔

قدم المستر برودريك الى المجلس العموم فی لندن مشروع قانون يرخص للحكومة بانفاق مليون و ۹۳۰ الف ليرة على سكة حديد اوغندا۔

مسٹر بروڈرک نے ہوس آف کامنس کے پاس بمقام لندن یہ مسودہ قانون پیش کیا ہے کہ سلطنت کو اوگنڈا ریل پر ایک ملین اور نو لاکھ ۳۰ ہزار پونڈ خرچ کرنے کی اجازت دی جائے

وردمن انباء بغداد انّ دجلة قد فاض فی هذه الايام فيضانا لم تستطع السدود على مقاومته فطغى على الاماكن المجاورة فاتلفها۔

بغداد کی خبروں سے معلوم ہوا کہ ان دنوں میں دریائے دجلہ کو اس قدر چڑھاؤ ہوا کہ اس کے بند نہ رک سکے پس متصلہ مکانوں پر طغیانی کی اور ان کو برباد کیا۔

رسا فی مياه الثغر الباخرة العثمانية وعليها بلوكان من الجند المظفر بقيادة البكباشی حسنی بك وهما طليعة العمال الذين سيقومون بانشاء السكة الحديدية الحجازية۔

سرحد بیروت کے بندرگاہوں پر ایک عثمانی جہاز لنگر انداز ہوا جس پر لشکر ظفر پیکر کی دو جمعیتیں زیر علم میجر حسنی بک کے تھیں اور یہ دونوں ان کارکنوں کا پیش خیمہ ہیں جو حجاز ریلوے کی تعمیر میں عنقریب مشغول ہونیوالے ہیں۔

قد التمست حكومة اليابان من الامبراطور غليوم امبراطور المانيا ارسال خمسين ضابطا من ضباطه لاستخدامهم فی جندية اليابانية لتنظيمها على الترتيبات الجديدة فاسعف الامبراطور طلبها۔

حکومت جاپان نے ولیم شہنشاہ جرمنی سے پچاس افسروں کے بھیجے جانے کی درخواست کی ہے تا کہ ان کو جاپان کی فوج میں ترتیبات جدیدہ کے موافق آراستہ کرنے کے لئے بھرتی کرے اور شہنشاہ نے ان کی درخواست کو قبول کر لیا ہے۔

Marfat.com

الدرس الخامس والستون (۶۵)

بلغنا انه سيُشاد في مدينتي عكّاء وحيفاء ساعة عمومية تذكار العيد الحضرة العلية السُّلطانية۔

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ شہر عکہ اور حیفا میں عنقریب ایک گھنٹہ گھر سلطان المعظم کی عید کی یادگار میں تیار کیا جاوے گا۔

يستفادُ من اخبار الاستانة انه قد صدر الامر الى حضرة سفير السلطنة السَّنية في لندن ابان يهنّئ حضرة الملكة بانفاذ مفلنج۔

استنبول کی خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ سفیر سلطنت عثمانی مقیم لندن کے نام سلطانی حکم صادر ہوا ہے کہ منکنگ کے فتح کرنے پر ملکہ معظمہ کو مبارکباد دے۔

في رسالة برقية من رومية ان وزارة الايطاليه قد استقالت و فوض الملك هميرت الى الجنرال بيلو وزير الحرب ان يتولّى وكالتها۔

روما کی تار برقی سے معلوم ہوا کہ اٹلی کی وزارت شکستہ ہو گئی اور شاہ ہمبرٹ نے جنرل بیلو وزیر جنگ کو اس کی نیابت کی ذمہ واری تفویض کی۔

استقر رأى الحكومة السنيه اخيرا على تاليف لجان في مراكز الولايات والالويه والاقضية و تعيين مامور خاص يعهد اليه بمراقبة هاته اللجان و ادارتها۔

آخر سلطنت عثمانی کی رائے اس امر پر قرار پائی ہے کہ گورنریوں اور ضلعوں اور تحصیلوں کے صدر مقاموں میں کمیٹیاں قائم کی جائیں اور ایک خاص عہدہ دار مقرر کیا جائے جس کے متعلق ان کمیٹیوں کی نگرانی اور ان کے انتظام کی ذمہ واری ہو۔

تقول المصادر الانكليزية ان فرنسا عزم في ارسال بارجتين الى مياه طنجة بدعوى المحافظة على رعيتها ولهذا رأت انكلترا ان تعزز بوارجها في هاتيك الاصقاع ببارجتين ايضًا۔

انگریزی ذرائع کا بیان ہے کہ فرانس نے طنجہ کے بندرگاہ پر اپنی رعیت کی حفاظت کے ادعا پر دو جنگی جہاز بھیجنے کا ارادہ کیا ہے اور اسی بنیاد پر انگلستان نے بھی مناسب سمجھا ہے کہ ان مقامات میں اپنے جنگی جہازوں کو دو اور جنگی جہازوں سے مضبوط کرے۔

Marfat.com

الدرس السادس والستون (۶۶)

اسر رجال انكليز باخرة المانية ثانية من بواخر افريقية الشرقية الحاملة للمستشفى النقال البلجيكي الى الترنسفال وساقوها الى دربان۔

انگریزی اہلکاروں نے جرمنی کا دوسرا جہاز شرقی افریقہ کے جہازوں میں سے جو بلجیم کا سفری شفاخانہ لادے ہوئے ٹرنسوال کو جا رہا تھا گرفتار کیا اور دربان کی طرف چالان کیا۔

ظهر بين السلع التجارية التي جاءت الى المسيو المادیكو الايطالي الذي يتعاطى التجارة في بيروت ثلاث مائة وتسعة وتسعون مسدسا ضبطت في الكمرك۔

تجارت کا جو مال مسٹر مادیکو ساکن اٹلی کے پاس جو بیروت میں سوداگری کا کام کرتا ہے۔ آیا تھا۔ اس میں سے چھ نال کے ۳۹۹ طمنچے برآمد ہوئے اور چنگی خانہ میں ضبط کئے تھے۔

استوجرت دار فسيحة في صنعاء لاتخاذها مكتبا للصنائع وجيء بالادوات اللازمة لتعليم الخياطة والحدادة والنجارة و الدروس البدائية وذلك الى ان يتم بناء المكتب المنوي انشاؤه فيها۔

صنعا میں ایک وسیع مکان کرایہ پر لیا گیا تا کہ اس میں دستکاری کا ایک مدرسہ قائم کیا جائے اور سلائی اور آہنگری اور بڑھئی کے کام اور ابتدائی سبقوں کے سکھلانے کے ضروری آلات منگوائے گئے اور یہ اجارہ اس مدرسے کی تعمیر ہوتے تک رہے گا جس کا بنانا اس شہر میں مطلوب ہے۔

افادت اخبار باريز انه قد انتهت قضية المؤامرة على الجمهورية وصدر الحكم على كل من النائبين بالنفي مدة عشر سنين وكذلك على المسيو جيرين بالسجن عشر سنوات في احدى القلاع وبرأت ساحة الآخرين۔

پیرس کی خبروں سے معلوم ہوا کہ سلطنت جمہوری کے برخلاف مشورہ کرنے کا مقدمہ ختم ہو گیا اور ہر ایک ممبر (نائب) پر دس سال کے واسطے جلاوطنی کا حکم صادر ہوا اور اسی طرح موسیو جرین کی نسبت حکم ہوا کہ کسی قلعہ کے قید خانہ میں دس سال تک محبوس رہے اور باقی لوگ بری کئے گئے۔

Marfat.com

الدرس السابع والستون (۶۷)

يعاين المرضى في صيدليتنا المعروفة بصيدلية الهلال تجاه التلغراف يوميا من الساعة الثامنة الى العاشرة۔

ہمارے دواخانہ میں جو صیدلیہ ہلال کے نام سے مشہور اور تار گھر کے مقابل ہے ہر روز آٹھ بجے سے دس بجے تک مریضوں کا معائنہ کیا جاتا ہے۔

اتصل بنا روايات متعددة بشان جرح الخواجه بشارة حجار صاحب اللوكندتين الشهيرتين في قريتي مكين وعالية وبالسبب الداعي لهذه الجناية۔

خواجہ بشارہ حجار جو مکین اور عالیہ کے دیہات میں دو مشہور ہوٹلوں کا مالک ہے ہمیں اس کے زخمی ہونے اور اس جرم کے بواعث کے متعلق متعدد خبریں ملی ہیں۔

وضع المهندسون تخطيطين للخط المنوي انشاؤه بين المحطة والمرفأ يستدعي احدهما حفر نفق (تونيل) والآخر لا يستلزم ذلك۔

انجنیروں نے ریلوے سٹیشن اور بندرگاہ کے درمیان مطلوبہ سڑک کے بنانے کے واسطے دو واغ بیلیں قائم کی ہیں جن میں سے ایک کے واسطے ٹنل کا بنانا ضروری ہوگا اور دوسرے کے واسطے ضروری نہ ہوگا۔

احصت بلدية باريز عدد المعقورين الذين عضتهم الكلاب الكلبة وعولجوا في مستشفى باستور في مدينة باريز منذ انشائه حتى الآن ۲۶۱۶ شخصا۔

پیرس کی میونسپل کمیٹی نے ان لوگوں کی مردم شماری کی ہے جن کو دیوانہ کتوں نے کاٹا اور پیرس کے شفاخانہ پاسٹور میں اسکی تعمیر کے زمانے سے اب تک ۲۶۱۶ آدمیوں کا علاج کیا گیا۔

صدرت الارادة السنية آمرة بتفتيش قيود الكتائب والطوابير الجندية في جميع الفيالق السلطانية في كل سنتين مرة منعا لسوء الاستعمال واملا بان ينال الجندي حقه۔

سلطانی حکم صادر ہوا ہے کہ ہر دو سال میں ایک دفعہ تمام شاہی فوجوں میں لشکروں اور پلٹنوں کے اندراج اسماء کی پڑتال کیجائے تاکہ کسی قسم کی بدعملی نہ ہو اور ہر ایک سپاہی کو اس کا حق مل سکے۔

Marfat.com

الدرس الثامن والستون (۶۸)

جاء من نظارة الصحة انه قد الغيت الايام العشرة المضروبة على واردات سواحل البحر الاحمر الواقعة بين معمورة الحميدية وخليج السويس۔

محکمہ حفظان صحت سے یہ خبر آئی ہے کہ معمورۂ حمیدیہ اور خلیج سویز کے درمیان سواحل بحر احمر کی درآمد پر جو دس دن کی میعاد رکھی گئی تھی۔ اٹھا دی گئی۔

رست في مياهنا الباخرة (عنايت) تقل نيفا وثمان مائة جندي من الافراد المستبدلة من اهالي بيروت وما جاوزها من الثغور حتى انطاكيا۔

ہمارے بندرگاہ میں عنایت جہاز آکر ٹھہرا جو بیروت اور اس کی متصلہ سرحدوں سے انطاکیہ تک کے تبدیل شدہ آٹھ سو سے کچھ زیادہ سپاہیوں کو اٹھائے ہوئے تھا۔

حضر اليوم على الباخرة الفرنسوية من دار السعادة حضرة سعادتلو كاظم بك متصرف القدس الجديد ونزل ضيفا كريما في منزل الوجيه رفعتلو عمر افندي الجندي۔

آج بیت المقدس کے نئے کمشنر کاظم بک فرانسیسی جہاز پر استنبول سے آئے اور عمر آفندی جندی ذی وجاہت کے مکان پر بطور معزز مہمان کے فروکش ہوئے۔

من المنتظر استعمال التلغراف بلا سلك قريبا في المخابرات التجارية والسياسية بين انكلترا واميركا و استخفض الاجرة بواسطته تخفيضا كبيرا جدا۔

یہ امر متوقع ہے کہ انگلستان اور امریکہ کے درمیان تجارتی اور ملکی خبر رسانی کے متعلق ٹیلیگراف بغیر تار کے قریبًا استعمال ہوگا اور اس کے باعث محصول میں بہت بڑی کمی ہو جائے گی۔

قدمت سفارة انكلترا في الاستانة الى الباب العالي نسخة من اللائحة التي نشرتها حكومتها رسميا مبينا فيها كيفية الاحتفال بتتويج الملك ادوارد السابع ملك انكلترا۔

انگلستان کی سفارت مقیم استنبول نے اس تجویز کی ایک نقل باب عالی میں پیش کی ہے جو انگریزی گورنمنٹ نے سرکاری طور پر شائع کی تھی اور جس میں ایڈورڈ ہفتم شاہ انگلستان کی تاج پوشی کے جلسہ کی کیفیت کا بیان تھا۔

Marfat.com

الدرس التاسع والستون (۶۹)

صدرت الاوامر الشديدة الى مراجع الاختصاص بلزوم اعداد اللابسة اللازمة لرجال الضابطة عن السنة الحاضرة۔

مراجع مخصوصی کے نام بہت سخت حکم صادر ہوئے ہیں کہ سال حال سے ملازمان پولیس کے ضروری لباس تیار کئے جائیں۔

اتفقت نظارة الزراعة وادارة الديون العمومية على ان تجرى المباراة فى تربية دُوْدِ الحرير لهذا العام فى مدينتى بيروت وازمير۔

محکمہ زراعت اور قرضہ عمومی کے منتظمین نے اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ اس برس بیروت اور ازمیر میں ریشمی کیڑوں کے پالنے میں باہم مسابقت کی جائے۔

عينت الحكومة السنية عزتلو رستم بك ميرالالاى مَنْدُوبًا من قبلها لحضور المؤتمر الدولى للسفن الذى تقرر انعقاده فى مدينة رؤسلادرف الالمانية)

گورنمنٹ عثمانی نے جہازوں کی شاہی کانفرنس میں جو جرمنی کے شہر رؤسلا ورف میں منعقد ہوگی، کرنیل رستم بک کو اپنی طرف سے جانے کے لئے ڈیلیگیٹ مقرر کیا ہے۔

يؤخذ من صحف الاستانة ان الطريقة التى اتخذتها الحكومة فى دار السعادة لاستيفاء رسم القبان والكيالة ستجرى ايضا فى الولايات الشاهانية۔

استنبول کے اخباروں سے معلوم ہوا کہ گورنمنٹ نے ترازو اور پیمانے کے پورا کرنے کے واسطے جو طریقہ استنبول میں مقرر کیا ہے وہ عنقریب ممالک عثمانی میں جاری ہوگا

ارسلت نظارة الرسومات فى الثغر الى الامانة فى الاستانة الاعراق المتعلقة بانشاء رصيف واسكلة فى ميناء طرابلس الشام فحولت الى مسيو فالورى رئيس معمارى الامانة۔

سرحد کے محکمہ کسٹم نے وہ کاغذات جو طرابلس شام کے بندرگاہ میں گھاٹ اور اسکلہ تعمیر کرنے کے متعلق تھے استنبول کی امانت میں بھیج دیئے اور وہ موسیو فالوری معماران امانت کے میر عمارت کے سپرد کئے گئے۔

Marfat.com

الدرس السبعون (۷۰)

هطل الغيث في حلب ونواحيها يوم الجمعة الماضي بعد ان انحبس عنها نحو عشرين يوماً فانتعشت الاراضي والزروع۔

جمعہ گذشتہ کو حلب اور اس کے گردونواح میں بیس دن تک حبس رہنے کے بعد بارش ہوئی۔ اراضی اور کھیتوں کو سیراب کیا

وصل الى الثغر في هذه الايام مستودعان كبيران للماء باسم السكة الحجازية وباخرتان تحملان عشرة الالاف من القضبان الحديدية۔

ان دنوں میں حجاز ریلوے کے نام سے پانی کے دو بڑے مخزن اور دو جہاز دس ہزار لوہے کی پٹڑیوں سے لدے ہوئے سرحد پر آئے۔

تكلم حكومة زيلاندا الجديدة في وجوب انشاء كلية فنية في لندن اتذكاراً للملكة فكتوريا وتقرر ان يقبل فيها جميع سكان الامبراطورية۔

زیلینڈ کی نئی سلطنت نے ملکہ وکٹوریہ کی یادگار میں بمقام لندن ونیا کالج بنائے جانے کی ضرورت پر بہت التجا کی اور یہ تجویز پیش کی کہ شہنشاہی کے تمام باشندے اس میں داخل کئے جائیں۔

السينماتوغراف آلة ترى الصور المتحركة فتمثل للرائين الحرب والملاحم والانواء والزوابع وغيرها من الاشياء الماخوذة على قطع فوتوغرافية صغيرة ثم تكبر في مراسح الالعاب بوسائط كهربائية۔

سینماتوگرافی ایک آلہ ہے جس میں متحرک صورتیں دکھائی دیتی ہیں۔ اور ناظرین کو لڑائی اور خونریز معرکے اور بارشیں اور طوفان اور دیگر چیزیں متشکل ہوکر دکھائی دیتی ہیں جو فوٹوگرافی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں پر لی گئی ہیں اور برقی روشنی کے ذریعہ تھیٹروں میں بڑی ہوجاتی ہیں۔

Marfat.com

الباب الثامن فی المکاتیب

واضح ہو کہ پہلے چھ خط اور درخواستیں خانصاحب حافظ خلیفہ عماد الدین صاحب مرحوم انسپکٹر مدارس کے "رسالہ اردو خط وکتابت" سے ترجمہ کی گئی ہیں اور آخری چھ خط وہ ہیں جو مصر وشام کے عمائد اور اہل علم نے راقم کے نام تحریر کئے تھے۔

(۱) الف۔ رخصت کی درخواست

حضرۃ الاستاذ المحترم!

من امس رمدت عینی ومنعنی الدکتور من المشی فی الشمس والمطالعۃ فعساکم تترحموا علیّ باجازۃ ثلثۃ ایام وورقۃ المستشفی طیّ عرض الحال۔

تحریر فی ۱۱ اغسطس سنہ ۱۸۹۷ء
عبدکم احمد علی من الصف الثانی فی المکتب الامیری بجگراؤں۔

جناب عالی

کل سے فدوی کی آنکھیں دکھتی ہیں ڈاکٹر صاحب نے دھوپ میں چلنے پھرنے اور لکھنے پڑھنے سے منع کیا ہے امیدوار ہوں کہ تین یوم کی رخصت مرحمت ہو۔ شفاخانے کا سرٹیفکیٹ شامل عرضی ہذا ہے۔

عرضی

کمترین احمد علی طالب علم جماعت دوم
مڈل ایم۔ بی سکول جگراؤں

(۲) ب

محترم المقام حضرۃ الاستاذ الفاضل!

بعون اللہ تعالیٰ قد تقرر عرس اخی فی ۱۴ اکتوبر الجاری۔ وحضرۃ الوالد کتب الیّ فی المکتوب لمصاحب ھذہ الرسالۃ ان احصّل اجازۃ شہر کامل واحضر عندہ الیٰ۔ وحیث کان العبد یخشی وقوع الحرج فی التعلیم فیلتمس اجازۃ عشرۃ ایام۔ فقط من ۱۰ الجاری الی ۱۹۔

۷۔ اکتوبر سنہ ۱۸۹۷ء
خادمکم نظام الدین

جناب عالی

کمترین کے بھائی کی شادی ۱۴ اکتوبر کو قرار پائی ہے والد صاحب اپنے خط منسلکہ عرضی ہذا میں تحریر فرماتے ہیں کہ گیارہویں تاریخ تک یہاں پہنچ جاؤ اور مہینہ بھر کی رخصت لے آؤ مگر فدوی اس خیال سے کہ تعلیم میں ہرج نہ ہو عرض پرداز ہے کہ ۱۰ سے ۱۹ ماہ حال تک دس یوم کی رخصت عطا فرمائی جائے۔ زیادہ آداب۔

عرضی

۷ اکتوبر سنہ ۱۸۹۷ء
فدوی نظام الدین طالب علم
جماعت اول مڈل سکول بھیرہ

Marfat.com

صاحب جنرل سیکرٹری انجمن حمایت اسلام لاہور کی خدمت میں

عطائے امداد کی درخواست

حضرۃ سیکریٹیر مجلس حمایۃ الاسلام فی لاھور

ان الحقیر فاز ھذہ السنۃ فی امتحان الدرجۃ الوسطی باللسان الوطنی والانکلیزی ونقل الشھادۃ باعلام ناظر المدرسۃ طی العریضۃ۔ ولیکن فی شریف علمکم انی من عائلۃ قضاۃ البلدۃ وتحصیل العلوم الدینیۃ شغل آبائی۔ ولکن والدی بسبب قلۃ الایراد یعجز عن تحمل مصارفی فی مثل بلدۃ لاھور۔ فلذا التمس من حضرتکم التصریح بالدخول فی المدرسۃ الحمیدیۃ بعد الترحم بتوظیف التعیین وما یلزم من الکتب ولا اکلفکم کسوۃ الشتاء والصیف فانھا تجیئ من بیتی ولا یزال لکم منا الشکر وعلینا المنۃ۔

اول مارس سنۃ ۱۸۹۷ خادمکم محمد معظم

جناب عالی

کمترین نے اس سال امتحان اینگلو ورنیکلر مڈل پاس کر لیا ہے اور سرٹیفکیٹ کی نقل مصدقہ جناب ہیڈ ماسٹر صاحب لف ہذا ارسال بحضور ہے۔ جناب کو معلوم ہو کہ نیازمند یہاں کے قاضیوں کے خاندان میں سے ہے اور علوم دینی کی تحصیل آبائی پیشہ ہے مگر والد صاحب کی اتنی آمد نہیں کہ وہ لاہور جیسے شہر میں فدوی کے اخراجات کے متحمل ہو سکیں۔ اگر حضور والا خوراک وکتب کا بندوبست فرما کر مدرسہ حمیدیہ میں داخل ہونے کی اجازت بخشیں تو از بس عنایت ہوگی بسرما وگرما کے کپڑے میرے گھر سے پہنچتے رہیں گے اور ہم آپ کے ممنون اور شکر گزار ہوں گے

عرضی

فدوی محمد معظم ولد مولوی محمد عثمان صاحب از فتح گڈھ تحصیل رعیہ ضلع سیالکوٹ

یکم مارچ ۱۸۹۷ء

(۳) چھوٹے بھائی کی طرف سے بڑے بھائی کی خدمت میں

حضرة الاخ المحترم!
بعد اهداء السلام ابدی حضرتکم انه جاء التلغراف حالا من ملتان ان حضرة والدتی قد انحرف مزاجها للغاية والدکتور يجیئ کل يوم مرتين او ثلث مرات فی المنزل و يغير الدواء ولکن لم ينفعها الحمی علی جری العادة و ما زال شیئ من السعال الضعف يتقوی والبدن ينحف الله سبحانه وتعالی يشفيها شفاء عاجلاً۔

اقدم المعروض للاجازة الخصوصية لمدة الشهر الی المرکز والثقة ان الجواب يجیئ بعد الغد وان استحسنتم فاطلبوا الاجازة ايضاً۔ حضرة الوالد الماجد والعزيز ابراهيم افندی وان کانا هنا موجودين ولکن علينا ان نکون ايضاً فی خدمتها فی هذا الوقت۔

۱۵۔ اکتوبر ۱۸۹۷ء } المحزون امیر الدین

جناب بھائی صاحب مہربان سلامت
تسلیمات کے بعد عرض کرتا ہوں۔ ابھی میرے پاس ملتان سے تار آیا ہے کہ والدہ صاحبہ کی طبیعت زیادہ علیل ہوگئی ہے۔ ڈاکٹر صاحب دو تین دفعہ مکان پر آتے ہیں۔ دوا بدلتے ہیں۔ مگر کوئی نسخہ کارگر نہیں ہوتا۔ بخار بدستور ہے۔ کھانسی میں کچھ کمی نہیں۔ ضعف بڑھتا جاتا ہے اور بدن کمزور ہو رہا ہے۔ اللہ تعالےٰ ان کو جلد شفا بخشے۔

میں ایک مہینے کی ضروری رخصت کی درخواست صدر میں بھیجتا ہوں اور امید ہے کہ پرسوں تک جواب آجائے گا۔ آپ بھی مناسب سمجھیں تو رخصت کا انتظام کرلیں والد بزرگوار اور عزیز ابراہیم اگرچہ وہاں موجود ہیں۔ مگر ایسے نازک وقت میں والدہ صاحبہ کی خدمت میں رہنا ہمارا بھی فرض ہے۔

۱۵۔ اکتوبر ۱۸۹۷ء } غمگین امیر الدین

Marfat.com

(۴) بیٹے کی طرف سے باپ کی خدمت میں

حضرة الوالد الماجد!

بعد اهداء السلام انهى اليكم انى بفضل الله تعالىٰ فى غاية الصحة و لا كلفة لى فى امر ما۔ قد ختم امتحان الربع الاول من هذه السنة و فزت فى كل المضامين ما عدا سوال واحد من سوالين فى علم الحساب و هذا يوجب الاسف۔

انى اشتغل ليلا و نهارا فى القراءة و الكتابة و حضرة الاستاذ يبذل جهده فى التعليم ايضًا۔ و منزل الاكل بالاجرة فى غاية النظام۔ و الرياضة تكون كل يوم و للتفرج و التفسح اوقات معينة و لا كلفة لى فى الاكل و الشرب غير ان اللبن و الحليب لا يوجدان هنا و هذا من الامور الاعتيادية فى المدائن و لكن هذه الكلفة لا تبارى حصول نعمة العلم۔

۲۵۔ مايو ۱۸۹۶ء — خادمكم عبد العزيز

لعالیجناب والد بزرگوار!

آداب و تسلیمات کے بعد گذارش ہے کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے نیاز مند تندرست ہے کسی طرح کی کوئی تکلیف نہیں۔ کل اس مدرسہ کا سہ ماہی معائنہ ختم ہوا امتحان کے وقت اور سب مضمونوں میں بندہ اچھا رہا مگر حساب کے دو سوالوں میں سے صرف ایک صحیح نکلا اس کا بہت افسوس ہے۔

دن رات پڑھنے لکھنے میں مصروف رہتا ہوں۔ استاد صاحب بھی محنت سے پڑھاتے ہیں۔ بورڈنگ ہاؤس کا انتظام بہت اچھا ہے۔ ورزش روزمرہ ہوتی ہے۔ سیر و تفریح کے لئے وقت مقرر ہے کھانے پینے کی طرف سے کسی قسم کی تکلیف نہیں۔ البتہ دودھ اور لسی نہیں ملتی اور یہ شہروں کی معمولی دقت ہے مگر یہ تکلیف تحصیل علم کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں۔

۲۵۔ مئی ۱۸۹۶ء — عریضہ نیاز مند عبد العزیز

Marfat.com

(۵) چھوٹے بھائی کی طرف

اخی العزیز حرسہ اللّٰہ!

السلام علیکم وصلنی مکتوبکم وبعثت الیوم بالتحویل عشرین روبیۃ حسب طلبکم۔ فکلما ینبغی بعد دفع المالیۃ اصرفہ فی امورک واشتغل فی القراءۃ والکتابۃ۔

اخبر فی حضرۃ الشریف انک لاتذھب الی المدرسۃ منذ ایام وھذہ العادۃ لیست بمحمودۃ یظھر انک تصاحب منیر خان الدائر فی التنزہ والقنص۔ فیعدّ علیک فراغہ وعطلتہ۔ ایاک والمخالطۃ معہ۔ الزم المطالعۃ انظر اخویک احمد نواز وکریم خان لم یغیبا من المدرسۃ قط وکیف یبذلان الجھد فی التعلم وھما خیر تلامذۃ فی الصف ومع ذلک یلعبان فی وقت الفرصۃ ولو صاحبتھما لما فسدت۔

۱۲ ستمبر ۱۸۹۰ء — اخوکم غلام علی

برادر عزیز وافر تمیز عمرت دراز باد

سلام ودعا۔ تمہارا خط پہنچا تمہاری تحریر کے موجب آج میں نے بیس روپے کا منی آرڈر بھیج دیا ہے۔ معاملہ ادا کرکے باقی روپیہ اپنے کام میں لاؤ اور لکھنے پڑھنے کی طرف توجہ کرو۔

جناب میر صاحب نے تحریر فرمایا ہے کہ تم کئی دنوں سے مدرسے نہیں جاتے یہ عادت کسی طرح سے اچھی نہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آوارہ گرد منیر خاں کے ساتھ سیر و شکار میں مصروف رہتے ہوگے وہ تمہیں کسی کام کا نہیں چھوڑیگا اس کی صحبت سے باز آؤ اور لکھنے پڑھنے کی طرف جی لگاؤ۔ احمد نواز وکریم خاں بھی تمہارے ہی بھائی ہیں۔ دیکھو مدرسے سے وہ کبھی غیر حاضر نہیں ہوئے کس محنت سے پڑھتے ہیں کہ جماعت میں سب سے بہتر ہیں وقت بچاکر کھیل کود بھی لیتے ہیں۔ تم بھی ان کی صحبت میں رہتے تو کیوں بگڑتے۔

۱۲ ستمبر ۱۸۹۰ء — غلام علی اوورسیر ڈاک لاہور موچی دروازہ

Marfat.com

(۶) چھوٹے سالے کے نام بیمار پرسی کا خط

ایھا الاخ العزیز حفظکم اللہ!
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
صادفنی الیوم حسن الحداد فی السوق وعلمت منہ ان مزاجکم منحرف للغایۃ منذ ایام وقد بولغ فی المداواۃ فلم تبل الی الاٰن فاضطرب قلبی من ذلک ومما یوجب الاسف انہ لم یخبرنی احد عن ھذا ولو لم یقابلنی الحسن الیوم لما اطلعت علیہ وانی واختکم محزونان بسماع ھذا الخبر المدھش وقد تصل الیوم ھی رفقۃ احمد الدین افندی فی قطار المساء الیکم ان شاء اللہ تعالٰی وانا اصل مساء الجمعۃ وحیث المسامحۃ تکون یوم السبت فلذا اقیم ھناک یومین واللہ یشفیک عاجلاً۔

۷ دسمبر ۱۸۹۶ء } الداعی۔ کرم الدین الکاتب فی بتالہ۔

پیارے بھائی! خدا تمہیں سلامت رکھے!
السلام علیکم۔ آج حسن لُہار اتفاقاً بازار میں مل گیا اس سے معلوم ہوا کہ کچھ دنوں سے تمہاری طبیعت بہت ناساز ہے۔ گو علاج معالجہ بہت ہوا مگر ابھی تک افاقہ کی کوئی صورت نہیں جس سے دل نہایت بیقرار ہوا۔ افسوس ہے کہ مجھے کسی نے اس کی خبر نہ دی اور اگر آج بھی حسن نہ ملتا۔ تو مطلق خبر نہ ہوتی۔ اس سے مجھے اور تمہاری ہمشیرہ کو بہت ملال ہو۔ چنانچہ وہ تو آج ہی شام کی گاڑی سے عزیز احمد الدین کے ساتھ انشاء اللہ تعالے وہاں پہنچ جائیں گی۔ میں جمعہ کی شام تک آ پہنچوں گا۔ چونکہ شنبہ کو تعطیل ہے۔ اس لئے دو دن وہاں رہوں گا۔ خدا تعالے آپ کو بہت جلد صحت دے۔

۷۔ دسمبر ۱۸۹۶ء } کرم الدین محرر تحصیل بٹالہ

Marfat.com

(۷) شیخ محمد رشید رضا ایڈیٹر المنار کا خط مولف کے نام

حضرة الاخ الفاضل الحافظ عبدالرحمن افندی الهندی المحترم!

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته۔

اما بعد فقد حضرة الاستاذ الشیخ محمد عبده فذاکرته فی شانکم فاظهر لی التأسف لعدم الاجتماع بکم یوم اخذ تم الکتاب۔ وقال ان السبب فی ذلك بلادة البواب فانه ما اعلمه بحضورکم الا بعد ذهابکم۔ ثم اعطانی ثمن الکتاب لخوان الصفا واکد بطلب نسخة ثانیة من کتاب الاسماء والصفات۔

اما کتاب کنز العمال فنسیت ان اذکره لہ امس وربما اذکره الیوم وعلی کل حال اطلبوا لی نسختین بالشرط الذی ذکرتہ لکم وانا علی ثقة بانہ اذا طلبتم عدة نسخ فانها تروج۔ و انتی مرسل لکم الثمن حوالة علی البوستة فعرفنی بوصول کتابہ ثم ان الکتب التی تطلبها من الهند لی وللاستاذ فاکتب لمرسلیها ان یرسلوها باسمی لادارة جریدة المنار۔

محمد رشید رضا منشیٔ المنار

برادر معظم حافظ عبدالرحمن صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

جناب استاذ شیخ محمد عبدہ صاحب تشریف لائے اور میں نے ان سے آپ کا ذکر کیا جب آپ کتاب لیگئے اس دن آپ سے ملاقات نہ ہونے کا انہوں نے بہت افسوس کیا اور فرمایا کہ دربان کی کم فہمی سے ایسا ہوا کیونکہ اس نے آپ کے تشریف لانے کی خبر اس وقت دی جبکہ آپ واپس چلے گئے تھے۔ اخوان الصفا کی قیمت عطا فرمائی اور کتاب الاسماء والصفات کا ایک اور نسخہ منگانے کے بارے میں تاکید کی۔

کتاب کنز العمال کا ذکر کرنا میں ان سے کل بھول گیا لیکن آج ضرور ذکر کروں گا۔ بہر حال آپ دو نسخے اسی شرط کے موافق جو میں نے آپ سے بیان کی تھی منگوا دیجئے ہمیں اس امر کا بھروسہ ہے کہ اگر آپ متعدد نسخے منگائیں تو ان کا خوب رواج ہوگا اور میں منی آرڈر کے ذریعہ قیمت روانہ کرتا ہوں۔ آپ اس کی وصولیابی سے بذریعہ تحریر مطلع کریں جو کتابیں آپ میرے اور جناب استاد صاحب کے لئے ہندوستان سے طلب فرمائیں بھیجنے والوں کو لکھ دیں کہ وہ کتاب میرے نام پر دفتر اخبار المنار کے پتہ پر روانہ کریں۔

Marfat.com

شیخ علی یوسف ایڈیٹر المؤید کا خط جناب عبد القیوم صاحب حیدر آبادی کے نام

حضرة المولی الفاضل الملا

عبد القیوم افندی دام فضلہٗ

اما بعد فقد وصلنا کتابکم الاخیر وشکرنا فضلکم وقد ارسلنا لجنابکم فی الاسبوع الماضی الکتب المبینۃ فوق مع توضیح اثمانہا حسب القروش المصریۃ التی عبرتہا بالجنیہ انکلیزیۃ ۷۰ قرشا ونصفا ومبلغہا ۷۰ قرشا عبارۃ عن ۲۴ فرنکا وکسور۔

وارسلنا لجنابکم مع الکتب المذکورۃ کتاب الفخری الذی ہو من حقکم فی الاشتراک فی کتب الشرکۃ والباقی لحضرتکم ۱۲۲ قرشا تحت طلبکم ونرسل لکم قریبا کتبا جدیدۃ من حقکم فی کتب الشرکۃ التی تطبع الآن۔

اما الاشتراک فی طبع تفسیر الطبری فہو ۱۲۰ قرشا ولکننا لا نحسب انہ یتم قبل ثلث سنوات ویرتاب تمامہ فالاولی انتظار خلاصۃ وشراءہ بعد ذلک۔

جناب مولانا ملا عبد القیوم

صاحب دام فضلہٗ

بعد از سلام مسنون عرض ہے کہ آپ کا پچھلا خط پہنچا اس مہربانی کے ہم شکرگزار ہیں ہم نے گذشتہ ہفتہ میں کتب مندرجہ بالا آپ کی خدمت میں روانہ کی تھیں اور ان کی قیمتیں مصری قرشوں کے مطابق لگائی تھیں۔ جن میں ½ ۷۰ قرش انگریزی پونڈ کے برابر ہوتے ہیں اور میزان قیمت ۷۰ قرش ہے جس کے ۲۴ فرنک اور کچھ کسر بنتی ہے۔

ہم۔ نمان کتابوں کے ہمراہ کتاب الفخری بھی روانہ کی تھی جو کتب کمپنی کے چندہ میں آپ کا حق ہے اب ۱۲۲ قرش کمپنی کے ذمہ آپ کے واجب ہیں ہم عنقریب آپ کی خدمت میں نئی کتابیں بھیجیں گے جو کمپنی کی ان کتابوں میں جو اب چھپ رہی ہیں آپ کا حق ہے۔

تفسیر طبری کا چندہ ۱۲۰ قرش ہے مگر ہمارے خیال میں وہ تین برس سے پہلے ختم نہیں ہوگی اس کے اتمام میں بھی شک ہے۔ مناسب ہے کہ اس کے اختتام کا انتظار کیا جائے اور اس کے بعد خریداری کی تجویز ہو۔

Marfat.com

(۹) حاجی محمد توفیق ہبری تاجر بیروت کا خط مؤلف کے نام

جناب حضرة الفاضل المحترم اخی العزیز الحافظ عبد الرحمن افندی ادام الله وجوده

اما بعد فالسلام علیکم ورحمة الله وبرکاته۔ قدمت قبل هذا ثلاث مکاتیب وبها ما اقتضی ذکره فلعلها وصلت انتم باوفر المسرات ثم افیدکم ان صندوق الکتب قد وصل سلمته وعاینت ما فیه فاذا هو کما ذکرتم لم ینقص منه شئی والله الحمد غیر ان بعض النسخ قد تمزق بعض اوراقها لانه اصابها مسامیر الصندوق فلذلك حصل علی النسخ ضرر ثم امتثلت امرکم بتصدیر احدی عشر نسخة الی الاستانة وسارسل قائمة باسمائها واثمانها۔

وحررت لکم سابقا ان تکتبوا الی صاحب العطریات ان یرسل لنا قائمة باسم کل صنف بالعربی وعن ثمن القنینة ولم ازل بانتظار ذلك وسنعلن اسماء الکتب فی ثمرات الفنون فی العدد الاٰتی ان شاء الله تعالی هذا ما اقتضی تحریره الاٰن بوجه السرعة والاجمال وساذکر لکم ما یحدث بعد والسلام۔

محترم فاضل اور میرے پیارے بھائی حافظ عبد الرحمن صاحب خدا تمھیں سلامت رکھے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ اس سے پیشتر تین خط بھیج چکا ہوں اور قابل ذکر ان میں درج ہیں امید ہے کہ یہ خطوط ایسے وقت پہنچے ہونگے کہ آپ ہر طرح سے خوش خرم ہونگے میں آپکو اطلاع دیتا ہوں کہ کتابوں کا صندوق پہنچ گیا اور میں نے وصول پایا۔ جو کچھ اس میں میں نے دیکھا وہ بالکل آپ کی تحریر کے موافق تھا کسی چیز کی کمی نہیں ہوئی۔ خدا کا شکر ہے صرف بعض نسخوں کے کچھ ورق پھٹ گئے تھے کیونکہ صندوق کی میخیں اس میں گھس گئی تھیں اس وجہ سے بعض نسخوں کا نقصان ہوا میں نے بہ تعمیل ارشاد گیارہ نسخے استنبول کو روانہ کردیئے اور عنقریب فہرست روانہ کرونگا جس میں کتابوں کے نام اور قیمتیں درج ہونگی۔

میں قبل ازیں آپکو لکھا تھا کہ آپ عطریات کے مالک کو تحریر کریں کہ مجھے ایک فہرست بھیج دے جس میں کل اقسام عطریات کے نام عربی میں اور شیشی کی قیمت درج ہو اور میں برابر اس کی انتظار میں ہوں خدا نے چاہا تو کتابوں کے نام ثمرات الفنون کے آئندہ پرچہ میں شائع کرونگا اس وقت جو کچھ مناسب تھا جلدی کے باعث مجملاً لکھا گیا بعد میں جو حال ہوگا لکھا جائے گا۔

Marfat.com

(۱۰) جناب محمود بک سالم جج عدالت عالیہ اسکندریہ کا خط مؤلف کے نام

حضرة المحترم الفاضل الحافظ عبد الرحمن
بعد السلام التام والسؤال عن صحتكم
ان شاء الله تكونون بغاية الصحة و
السلامة نحمد الله على قدومكم الى بلاد
مصر بالثانى سالمين محفوظين ۔
وصلني جوابكم وان شاء الرحمن
ساحضر بكرا الكبرى من الليل بحضور
الاحتفال الخديوى بالازبكية - فان
تقابلت هناك يكون خيرا و الا
فالمقابلة عند حبيب افندى بشارع
باب الخلق وسأخذ معى الكتب التى
عندى والتى عند المسيو تشيا رام
لاحضارها بطرفكم ۔
وكنت اود انكم تطولوا نوم
اقامتكم بمصر حتى نتمكن من المحادثة
سويا لتخبروا عن السياحة ونتكلم
ومعكم فى بعض الشئون المفيدة
ونستفيد منكم العلم ۔
اما سفرى من الاسكندرية وترك
الوظيفة هنا يكون ان شاء الله قبل
ايام العيد لانى اتفقت مع الحكومة
الخديوية لتخلى طرفى من خدمتها
حتى ابقى فى منزلى واشتغل مستقلا ۔

محترم فاضل حافظ عبد الرحمن صاحب
سلام مسنون اور مزاج پرسی کے بعد امید ہے کہ
آپ خدا کے فضل سے صحیح و تندرست ہونگے
ہم خدا کا شکر ادا کرتے ہیں کہ آپ خیر و عافیت کے
ساتھ دوسری بار مصر میں تشریف فرما ہوئے
آپ کا خط پہنچا میں انشاءاللہ جمعرات کی
ڈاک گاڑی سے بڑی فجر خدیو معظم کے دربار میں
